$$= \left(\frac{55}{15}+\frac{27}{15}\right) \text{گھنٹے} \qquad \left(\frac{11}{3}+\frac{55}{15} \quad \text{اور} \quad \frac{9}{5}+\frac{27}{15}\right)$$

$$= \frac{28}{15} \text{ گھنٹے} = 1\frac{13}{15} \text{ گھنٹے}$$

سوالنامہ

-1 ذیل کے چار چار مساوی کسر لکھئے :

(i) $\frac{2}{3}$ (ii) $\frac{6}{7}$ (iii) $\frac{3}{17}$

-2 نیچے دیئے گئے کسر عدد کے جوڑوں کا موازنہ کیجیے اور بتایئے کہ دونوں میں سے کون سا کسری عدد چھوٹا ہے؟

(i) $\frac{3}{5}$ اور $\frac{4}{3}$ (ii) $\frac{6}{7}$ اور $\frac{7}{6}$

(iii) $\frac{21}{5}$ اور $\frac{18}{4}$ (iv) $\frac{7}{15}$ اور $\frac{9}{20}$

-3 حل کیجئے :

(i) $\frac{2}{5}+0$ (ii) $4+\frac{7}{8}$

(iii) $\frac{3}{2}+\frac{2}{7}$ (iv) $\frac{5}{9}+\frac{4}{7}$

(v) $\frac{4}{5}+\frac{9}{15}$ (vi) $\frac{2}{15}-\frac{1}{20}$

(vii) $\frac{9}{11}-\frac{4}{15}$ (viii) $7\frac{1}{2}-4\frac{1}{5}$

(ix) $4\frac{1}{2}-1\frac{1}{5}+\frac{2}{5}$ (x) $2\frac{1}{5}+1\frac{1}{4}-\frac{1}{2}$

4- ایک جادوئی مربع میں ہر ایک قطار ہر ایک کالم اور ہر ایک وتر کی اعداد (Diagonal) کا جمع برابر ہوتا ہے۔ کیا یہ ایک جادوئی مربع ہے۔

$\frac{4}{13}$	$\frac{9}{13}$	$\frac{2}{13}$
$\frac{3}{13}$	$\frac{5}{13}$	$\frac{7}{13}$
$\frac{8}{13}$	$\frac{1}{13}$	$\frac{6}{13}$

پہلی قطار کے مطابق $\frac{4}{13}+\frac{9}{13}+\frac{2}{13}=\frac{15}{13}$

5- مندرجہ ذیل کسر اعداد کو بڑھتی ہوئی ترتیب میں لکھئے :

(i) $\frac{1}{2},\frac{3}{4},\frac{1}{5}$ (ii) $\frac{3}{7},\frac{2}{5},\frac{3}{5}$

6- ایک مستطیل نما (Rectangular) تختۂ سیاہ(Black Board) کی لمبائی $3\frac{1}{2}$ میٹر اور چوڑائی $2\frac{2}{3}$ میٹر ہے۔ تختۂ سیاہ کا احاطہ(Perimetre) معلوم کیجیے۔



7- تصویر میں دی ہوئی شکل میں $\triangle ABC$ اور مستطیل $BCDE$ کا احاطہ(Perimetre) معلوم کیجیے۔ ساتھ ہی بتایئے کہ کس کا احاطہ زیادہ ہے؟

8- ستیم نے ایک سبق کو پڑھنے میں $\frac{11}{16}$ گھنٹے کا وقت لیا، سلیم نے اُسی سبق کو پڑھنے میں $\frac{3}{4}$ گھنٹے کا وقت لیا۔ کس نے زیادہ وقت لیا؟ یہ وقت کتنا زیادہ تھا؟

9- خالی جگہوں میں صحیح عدد بھریے :

(i) $\frac{5}{7}+\frac{\square}{7}=\frac{6}{7}$ (ii) $\frac{8}{15}-\frac{2}{15}=\frac{\square}{\square}$ (iii) $\frac{7}{9}+\frac{\square}{\square}=\frac{7}{9}$

(iv) $\frac{3}{5}-\frac{\square}{5}=\frac{1}{5}$ (v) $1-\frac{1}{2}=\frac{\square}{\square}$

2.3 - کسروں کا ضرب:

ہم جانتے ہیں کہ اگر کسی مستطیل کی لمبائی و چوڑائی بالترتیب (سلسلہ وار) 9 سینٹی میٹر اور 5 سینٹی میٹر ہے تو اس کا رقبہ 9 سینٹی میٹر × 5 سینٹی میٹر = 45 سینٹی میٹر ہوگا۔

اب اگر مستطیل کی لمبائی اور چوڑائی بالترتیب $9\frac{1}{2}$ سینٹی میٹر × $5\frac{1}{2}$ سینٹی میٹر ہے تو اس کا رقبہ کیا ہوگا؟ آپ کہیں گے کہ یہ $9\frac{1}{2}$ سینٹی میٹر × $5\frac{1}{2}$ سینٹی میٹر = $\left(\frac{19}{2}\times\frac{11}{2}\right)$ سینٹی میٹر ہے۔

$\frac{19}{2}\times\frac{11}{2}$ کسروں کا ضرب ہے۔ آیئے کسروں کا ضرب کیسے ہوتا ہے؟ دیکھئے:

2.3.1: مکمل عدد اور کسر کا ضرب

خاکہ 2.1 کو دیکھئے۔ ہر ایک سایہ دار(Shaded) حصہ، دائرہ کا $\frac{1}{4}$ حصہ ہے۔



خاکہ: 2.1

اس طرح تین سایہ دار حصہ مل کر دائرے $\frac{1}{4}+\frac{1}{4}=\frac{1}{4}=3\times\frac{1}{4}$ کو ظاہر کریں گے۔ ان تین سایہ دار حصوں کو ملانے پر ہمیں شکل 2.2 حاصل ہوتی ہے جو دائرہ کے $\frac{3}{4}$ حصہ کو ظاہر کرتا ہے۔ یعنی $3\times\frac{1}{4}=\frac{3}{4}$



خاکہ: 2.2

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ خاکہ 2.3 کسے ظاہر کرے گی؟



خاکہ : 2.3

یہاں ہر ایک میں سایہ دار حصہ $\frac{2}{9}$ ہے۔ آیئے اب ہم $3\times\frac{2}{9}$ معلوم کرتے ہیں۔

$$3\times\frac{2}{9}=\frac{2}{9}+\frac{2}{9}+\frac{2}{9}=\frac{2+2+2}{9}=\frac{3\times2}{9}=\frac{6}{9}$$

اسی طرح $5\times\frac{2}{3}=\frac{5\times2}{3}=\frac{10}{3}$

کیا آپ بتا سکتے ہیں؟ (i) $5\times\frac{1}{5}=?$ (ii) $4\times\frac{2}{7}=?$

اوپر ہم نے $\frac{2}{3},\frac{2}{9},\frac{1}{4}$ وغیرہ مناسب کسروں کا مکمل سے ضرب کا تذکرہ کیا۔ لیکن یہ عام کسر کے لیے بھی لاگو ہوتا ہے۔

مثال کے طور پر $2\times\frac{5}{3}=\frac{2\times5}{3}=\frac{10}{3}$

کوشش کیجیے: (i) $4\times\frac{12}{7}=?$ (ii) $3\times\frac{8}{5}=?$

اس لیے کسی مکمل عدد کو کسی کسر خاص یا کسر عام سے ضرب کرنے کے لیے ہم

(i) مکمل عدد کو کسر کے شمار کنندہ کے ساتھ ضرب کرتے ہیں اور

(ii) کسر کے نسب نما کو غیر تبدیل یا برابر (Same) رکھتے ہیں۔

خود کر کے دیکھئے:

(i) $3\times\frac{1}{3}=\frac{3}{3}$ کو مع تصویر ظاہر کیجیے۔

معلوم کیجیے:

(i) $3\times\frac{3}{8}$ (ii) $\frac{3}{7}\times 4$ (iii) $\frac{13}{9}\times 7$ (iv) $\frac{16}{7}\times 3$

توجہ دیجیے کہ کس مرکب کسر کو ایک مکمل عدد سے ضرب کرنے کے لیے سب سے پہلے مرکب کسر کو کسر عام میں تبدیل کیجیے اور تب ضرب کیجیے:

جیسے: $5\times 2\frac{3}{7}=5\frac{17}{7}=\frac{85}{7}=12\frac{1}{7}$

کوشش کیجیے: (i) $3\times 2\frac{5}{7}=?$ (ii) $2\times 4\frac{2}{5}=?$

کسر، آپریٹر (Operator) "کا" کی شکل میں

غور کیجیے:

(i) 2 کا نصف (ii) 3 کا نصف

خاکہ 2.4 میں ہر ایک سایہ دار ٹکڑا 1 کے $\frac{1}{2}$ (نصف) کو ظاہر کرتا ہے۔



خاکہ: 2.4

اب 2 سایہ دار نصف حصے کو ملانے پر دونوں سایہ دار ٹکڑے مل کر 2 کے $\frac{1}{2}$ کو ظاہر کرتے ہیں۔

اس لیے 2 کا $1=2\times\frac{1}{2}=\frac{1}{2}$

اب خاکہ 2.5 میں تین سایہ دار ٹکڑے مل کر 3 کے $\frac{1}{2}$ نصف حصہ کو ظاہر کرتے ہیں۔



خاکہ: 2.4

اور انھیں ملانے پر $1\frac{1}{2}$ یعنی $\frac{3}{2}$ کو ظاہر کرتا ہے۔

اس لیے 3 کا $\frac{1}{2} = \frac{3}{2}$ اسی لیے $3 \times \frac{1}{2} = \frac{3}{2}$

اس طرح ہم دیکھتے ہیں کہ ''کا'' ضرب کو ظاہر کرتا ہے۔

مثال: 4 شوبھم کے پاس 30 روپیہ ہے، شکیلہ کے پاس 30 کا $\frac{1}{5}$ ہے تو شکیلہ کے پاس کتنے روپے ہیں؟

حل: شوبھم کے پاس 30 روپیہ ہے، شکیلہ کے پاس 30 کا $\frac{1}{5}$ ہے۔ یعنی $30 \times \frac{1}{5} = 6$ روپیہ۔

کوشش کیجیے: (i) 16 کا $\frac{1}{2} = ?$ (ii) 25 کا $\frac{2}{5} = ?$

مثال: 5 60 طالب علموں کی ایک جماعت میں کل طالب علموں کی تعداد کا $\frac{1}{4}$ انگریزی پڑھنا پسند کرتے ہیں۔ کل تعداد کا $\frac{1}{2}$ حساب پڑھنا پسند کرتے ہیں اور باقی طالب علم سائنس پڑھنا پسند کرتے ہیں تو بتایئے کتنے طالب علم انگریزی پڑھنا پسند کرتے ہیں؟ کتنے طالب علم حساب پڑھنا پسند کرتے ہیں؟ کل طالب علموں کی تعداد کا کتنا حصہ سائنس پڑھنا پسند کرتے ہیں؟

حل: جماعت میں کل طالب علموں کی تعداد $= 60$

ان میں سے کل کا $\frac{1}{4}$ انگریزی پڑھنا پسند کرتے ہیں۔ اس لیے انگریزی پڑھنا پسند کرنے والے

طالب علموں کی تعداد $= 60$ کا $\frac{1}{4} = \frac{1}{4} \times 60 = 15$

حساب پڑھنے والے طالب علموں کی تعداد $= 60$ کا $\frac{1}{2} = \frac{1}{2} \times 60 = 30$ سائنس پڑھنے والوں کی

تعداد = کل طالب علم (انگریزی پڑھنا پسند کرنیوالے طالب علم + حساب پڑھنا پسند کرنیوالے طالب علم)

$= 60 - (15 + 30) + 60 - 45 = 15$

اس لیے مطلوبہ کسر $\frac{15}{60} = \frac{1}{4}$ ہے۔

(vii) وسطانیہ آنکڑوں میں سے ہمیشہ ایک آنکڑہ ہوتا ہے۔

(viii) آنکڑے 5 ,3 ,4 کا اوسط 4 ہے۔

4.8 - گراف(Graph)

اب ہم آنکڑوں کے گرافیکل پیش کش کی جانب اپنا دھیان مرکوز کریں گے۔ گراف جمع کیے گئے آنکڑوں کا تصویروں کے ذریعہ مظاہرہ ہے۔ گراف کے ذریعہ پیش کش کو سمجھنے میں بہت آسانی ہوتی ہے۔ ہم نے پچھلی جماعتوں میں بھی مختلف طرح کے گرافوں کے بارے میں کچھ تذکرہ کیا تھا۔

جدول : 4.6

0 = 500 پنسل کی بکری

جنوری	0 0
فروری	0 0 0
مارچ	0
اپریل	0 0 0 0 0
مئی	0 0 0

1- تصویری علامت(Pictograph)

علامتوں کا استعمال کرتے ہوئے آنکڑوں کی تصویری پیشکش :

(i) مارچ کے مہینے میں کتنی پنسل کی بکری ہوئی تھی؟

(ii) کس مہینے میں پنسل کی فروخت زیادہ ہوئی تھی؟

(iii) کن کن مہینوں میں پنسل کی بکری برابر ہوئی؟

2- ایک بارگراف(Bar Graph)

ہم جانتے ہیں کہ بارگراف یکساں چوڑائی کے باروں کے ذریعہ آنکڑوں کا مظاہرہ (پیشکش) ہے۔ جس میں باروں کی اونچائی بالترتیب ان کی قیمتوں کے تناسب میں ہوتی ہے۔



خاکہ : 4.3

درج ذیل سوالوں کے جواب دیجیے :

(i) اس بار گراف کے ذریعہ خبر دی گئی ہے؟

(ii) کس سال طلبا کی تعداد بہت زیادہ ہے؟

(iii) کس سال میں طلبا کی تعداد میں زیادہ اضافہ ہوا؟

(iv) کس سال طلبا کی تعداد سب سے کم ہے؟

4.8.1- بار گراف بنانا (Construction of Bar Graph)

آیئے اب ہم ایک مثال لے کر دیکھیں کہ ایک بار گراف کاغذ پر کس طرح بنایا جاتا ہے؟

مثال: 11 ایک باغ میں مختلف سالوں میں لگائے گئے پودوں کی تعداد حسب ذیل ہے :

سال	2006	2007	2008	2009
پودوں کی تعداد	3000	2000	4,000	5000

ان اعداد سے بار گراف بنایئے :

حل: ہم ان اعداد کا بار گراف مندرجہ ذیل مرحلوں میں بناتے ہیں۔

(i) ایک گراف کاغذ پر ہم دو باہم عمودی خط کھینچتے ہیں۔ جن میں ایک پڑی اور دوسری کھڑی ہو۔

(ii) ہم اُفقی خط پر سالوں (متحرک) کو دکھاتے ہیں۔ صاف ظاہر کرنے کے لیے ہم سبھی بار یکساں چوڑائی کے لیتے ہیں اور ان کے بیچ یکساں دوری بنائے رکھتے ہیں۔ بار کی چوڑائی اس طرح لینی چاہیے کہ سبھی متحرک (سالوں) کو دکھایا جا سکے۔

(iii) ہم عمودی خط پر پودوں کی تعداد دکھاتے ہیں۔ اس طور پر ایک اکائی لمبائی سے کتنے مشاہدوں کو ظاہر کرنا ہے۔ اس کے لیے ایک مناسب پیمانہ چنتے ہیں۔ اس آنکڑوں میں سب سے بڑی قیمت 5000 ہیں تو اسکیل کو 5000 سے کچھ زاید پر ختم کرتے ہیں۔

ساتھ ہی عمودی خط پر یکساں تقسیم کا استعمال کرتے ہوئے ہم اسکیل کو اس طرح چنیں گے کہ 0 اور 5000 کے درمیان کی لمبائی نہ تو زیادہ چھوٹی اور نہ ہی زیادہ بڑی ہو۔ یہاں ہم 1 اکائی = 1000 پودے لیتے ہیں۔

(iv) اب ہم چنے گئے اسکیل (1 اکائی = 1000 پودے) کے مطابق مختلف بار (ستون) کی اونچائی

معلوم کرتے ہیں۔

اس طرح گراف کاغذ پر یکساں چوڑائی کے 4 بار(Bar) حسب ذیل طریقے سے بنتے ہیں :

سال	گراف کی اونچائی
2006	$\frac{1}{1000} \times 3000 = 3$ اکائی
2007	$\frac{1}{1000} \times 2000 = 2$ اکائی
2008	$\frac{1}{1000} \times 4000 = 4$ اکائی
2009	$\frac{1}{1000} \times 5000 = 5$ اکائی



خاکہ: 4.4

مثال:12 مندرجہ ذیل آنکڑے ایک جماعت کے پانچ طلبا کے ذریعہ (500 میں سے) حاصل کیے گئے نمبروں کو دکھاتے ہیں۔ انھیں ایک بار گراف کے ذریعہ ظاہر کیجیے۔

طلباء	وکاس	وبھوتی	دیپتی	فیاض	سُدھا
حاصل شدہ نمبر	400	450	300	250	460

حل: ہم 1 اِکائی = 100 عدد لیتے ہیں۔ (اگر ہم 1 اِکائی سے 10 عدد کو ظاہر کریں، تو کیا پریشانی ہوگی؟)



خاکہ: 4.5

4.8.2 - دوہرے بار گراف کھینچنا

نیچے دو اسکولوں میں مختلف مضامین کے دیئے جانے والے کلاسوں (گھنٹیوں) کے آنکڑے دیئے گئے ہیں۔ اس پر غور کیجیے :

اسکول (الف)

مضمون	کلاس (گھنٹی)
انگریزی	8
ہندی	5
ریاضی	9
مطالعہ سماج	7
سائنس	7

اسکول (ب)

مضمون	کلاس (گھنٹی)
انگریزی	5
ہندی	8
ریاضی	9
مطالعہ سماج	8
سائنس	5

ان کے الگ الگ بار گراف کھینچ کر ہم کئی معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔ جیسے دونوں اسکولوں میں سب سے زیادہ کلاس کس مضمون کو دیئے جاتے ہیں۔ یا ہر اسکول میں کس مضمون کو سب سے کم کلاس دیئے جاتے ہیں وغیرہ۔ لیکن ایک خاص مضمون میں کس اسکول میں کلاس زیادہ ہوئے ہیں، جیسے سوالوں کا جواب دینے کے لیے ہم دوہرا بار گراف کھینچیں گے۔

یعنی جب ہمیں آنکڑوں کے دو گروپ کا موازنہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے تو دوہرے بار گراف (Double Bar Graphs) کھینچتے ہیں۔



خاکہ: 4.6

مثال: 13 حساب کی استانی نے 5 کمزور بچوں کے ذریعہ سہ ماہی امتحان اور ششش ماہی امتحان میں 25 میں سے حاصل کیے گئے نمبرات کو حسب ذیل صورت میں دکھایا ہے :

طلباء	اشوک	ارون	زاہد	وبھا	ریتا
سہ ماہی	10	15	12	20	5
ششش ماہی	15	15	16	18	15

ان آنکڑوں سے دوہرے بار گراف کھینچیے۔

حل:



خاکہ: 4.7

بار کو دیکھ کر اب آپ درج ذیل سوالوں کا جواب دیجیے :

(i) کس طلبہ کی کارکردگی سہ ماہی کے مقابلے میں چھ ماہی میں سب سے اچھی رہی؟

(ii) کس طلبہ کا پروگریس سہ ماہی اور چھ ماہی میں یکساں رہی؟

(iii) کس طلبہ نے سہ ماہی کے بدلے چھ ماہی میں اچھی کارکردگی نہیں دکھائی؟

(iv) کتنے طلبہ نے چھ ماہی امتحان میں 15 سے زیادہ نمبر حاصل کیے؟

کیا آپ کچھ دوسری حالتوں کے بارے میں بتا سکتے ہیں، جہاں آپ دوہرے بار گراف کا استعمال کر سکتے ہیں؟

خود کر کے دیکھئے:

-1 سال 2006 سے 2010 میں انگریزی اور ہندی کی کتابوں کی فروخت نیچے دی گئی ہے۔

سال	2006	2007	2008	2009	2010
انگریزی	250	300	350	520	620
ہندی	400	425	500	550	600

ایک دوہرا بار گراف کھینچیے اور مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:

(a) کیا آپ کہہ سکتے ہیں کہ انگریزی کی کتابوں کی مانگ (Demands) میں تیزی سے اضافہ ہو رہا ہے؟ اپنے جواب کی دلیل دیجیے۔

(b) کس سال دونوں زبانوں کی کتابوں کی فروختگی کا فرق کم تھا؟

-2 دیا ہوا بار گراف مختلف کمپنیوں کے ذریعہ بنائی گئی بال پین کی جانچ کے لیے کیے گئے ایک جائزے (Survey) کو دکھاتا ہے۔ ان میں سے ہر ایک کمپنی نے یہ دعویٰ پیش کیا ہے کہ ان کے بال پین (Ball-Pen) رستے نہیں ہیں۔

اسکیل (1 اکائی = 10 قلمیں)



خاکہ: 4.8

(a) ہر ایک کمپنی کے لیے رساؤ والے قلم کی تعداد، کل قلم کی تعداد کا کون سا حصہ تھا؟

(b) کس کمپنی کے قلم بہتر ہیں؟

سوالنامہ : 4.3

-1 خاکہ: 4.9 میں دیئے بارگراف کا استعمال کر کے مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجئے:

(a) کس کمپنی کی سائیکل زیادہ لوگوں کی پسند ہیں؟

(b) کتنے طلبا کی پسند "P" کمپنی کی سائیکل ہے؟

(c) کس کمپنی کی سائیکل سب سے کم لوگوں کی پسند ہے؟



خاکہ: 4.9

-2 درج ذیل جدول میں ایک اسکول کے 2006 سے 2010 تک ہر سال سالانہ کھیلوں میں حصہ لینے والے کھلاڑیوں کی تعداد دی گئی ہے۔ ان اعداد کو ایک بارگراف کے ذریعہ ظاہر کیجیے:

سال	2006	2007	2008	2009	2010
کھلاڑیوں کی تعداد	160	280	200	400	320

(a) بارگراف بنانے کے لیے آپ کیا پیمانہ لیں گے؟

(b) مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے:

(i) کس سال میں کھلاڑیوں کی تعداد زیادہ ہے اور کس سال میں کم ہے؟

(ii) سال 2006 کے کھلاڑیوں کی تعداد کا سال 2010 کے کھلاڑیوں کی تعداد کا تناسب معلوم کیجیے۔

2- ایک طالب علم کے پہلے سال اور دوسرے سال کی کارکردگی دی گئی ہے (100 میں سے) ان اعداد کا ایک دوہرا بار گراف کھینچیے اور دیئے گئے سوالوں کا جواب دیجئے:

مضمون	ہندی	انگریزی	حساب	سماج سائنس	سائنس
پہلا سال	60	70	80	84	76
دوسرا سال	80	65	95	85	80

(i) طالب علم نے اپنے کس مضمون میں سب سے زیادہ سدھار کیا ہے؟

(ii) سب سے کم سدھار کس مضمون میں ہوا؟

(iii) کیا کسی مضمون میں سدھار خراب ہوئی ہے؟

4- ایک پھل بیچنے والے نے کسی دو دنوں میں پھلوں کی فروختگی (کیلو میں) کا مقابل گوشوارہ بنایا۔ آپ انھیں دوہرے بار گراف میں دکھایئے اور دیئے گئے سوالوں کے جواب دیجئے:

پھل	آم	سیب	سنترہ	پپیتا	کیلا	تربوز
سوموار	35	29	12	20	18	38
منگل	26	34	8	25	16	35

(i) کون سا پھل عام لوگوں کا زیادہ پسندیدہ ہے؟

(ii) اس بار گراف سے آپ کیا نتیجہ نکالتے ہیں؟

5- ایک کالونی میں لگاتار (دو سالوں میں مختلف مدوں Item) پر خرچ حسب ذیل ہے:

مد (Item)	2008 (ہزار روپے میں)	2009 (ہزار روپے میں)
پانی سپلائی	25	30
علاج	30	35
تحفظ	50	70
سڑک	40	20
بجلی	35	35

ایک مناسب اسکیل چن کر ایک دوہرا بار گراف کھینچئے اور سوالوں کا جواب دیجئے :

(i) کس مَد میں پچھلے سال کے مقابلے سب سے زیادہ خرچ کیا گیا ؟

(ii) کس مَد میں دونوں سالوں میں برابر خرچ ہوئے ؟

(iii) 2008 میں بجلی اور روڈ پر کل کتنا خرچ ہوا ؟

(iv) کس سال کا خرچ زیادہ رہا ؟

6- اس باب کے شروع میں دیئے گئے مختلف شہروں کے سب سے کم اور سب سے زیادہ درجۂ حرارت کے اعداد (جدول 4.1) کو لیجیے۔ ان آنکڑوں کا ایک دوہرا بار گراف کھینچ کر مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب دیجیے۔

(i) کس شہر کا سب سے کم اور سب سے زیادہ درجۂ حرارت کا فرق سب سے زیادہ ہے؟

(ii) کون سا شہر سب سے زیادہ گرم ہے اور کون سا شہر سب سے زیادہ ٹھنڈا ہے؟

(iii) ایسے دو شہروں کے نام لکھئے، جس میں سے ایک کا سب سے زیادہ درجۂ حرارت دوسرے سب سے کم درجۂ حرارت سے کم ہے۔

(iv) اُس شہر کا نام لکھئے، جس کا سب سے کم اور سب سے زیادہ درجۂ حرارت کا فرق سب سے کم ہے۔

4.9 - اتفاق اور امکان

4.9 ہمیں اپنے روزمرّہ کی زندگی میں حسب ذیل اقوال سننے کو ملتے رہتے ہیں :

(i) آج بارش ہونے کا امکان نہیں ہے۔

(ii) بھارت ورلڈ کپ جیتے گا۔

(iii) سورج پچھم سے نکلتا ہے۔

(iv) ایک پاسہ کو پھینکنے پر 8 آئے گا۔

(v) ایک کیلوگرام کے مقابلے دو کیلوگرام سبزی زیادہ ہوگی۔

(vi) چھوٹے پتھر کی جگہ بڑا پتھر زیادہ جگہ گھیرے گا۔

(vii) بھارت اگلی ٹیسٹ سیریز جیتے گا۔

(viii) وِبھوتی امتحان میں ٹاپ کرے گا۔

مندرجہ بالا اقوال کے بارے میں آپ کیا کہیں گے؟ یہاں پچھم سے سورج نکلنا ناممکن ہے۔ ایک پاسے کو پھینکنے پر 8 آنا بھی ممکن نہیں ہے۔ اس کے مخالف قول (iii) اور (iv) کا ہونا یقینی (Certain) ہے۔ دوسری طرف قول

(v) اور(vi) ہو بھی سکتا ہے اورنہیں بھی ہو سکتا ہے۔ دونوں ہی ممکن نہیں ہے۔ ہونا اور نہ ہونا اتفاق(Chance) ہے۔

4.9.1- اتفاق

جب آپ ایک سکّے کو اچھالتے ہیں تو کیا آپ ہمیشہ اس کی صحیح پیشین گوئی کر سکتے ہیں کہ چت (Head)ہوگا یا پَٹ(Tail) ؟ آپ دس بار ایک سکّے کو اُچھال کر اس سے حاصل ہونے والے نتیجے اور اپنی پیشین گوئی کو ذیل کے جدول میں لکھیے :

خاکہ : 4.7

اُچھال نمبر	پیشین گوئی	نتیجہ
1		
2		
3		
4		
5		
6		
7		
8		
9		
10		

کیا آپ اس میں کوئی پیٹرن(Pattern) دیکھتے ہیں۔ ہر ایک اُچھال کے بعد آپ کو کیا حاصل ہوتا ہے؟ آپ دیکھیں گے کہ یہ مشاہدے کوئی صاف صاف پیٹرن(Pattern) ظاہر نہیں کرتے ہیں۔ ذیل کے جدول کو دیکھیے :

جدول : 4.8

اُچھال نمبر	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	11
نتیجہ	H	T	H	H	H	T	T	T	T	T	T
اُچھال نمبر	12	13	14	15	16	17	18	19	20	21	22
نتیجہ	H	H	T	T	H	H	H	H	H	T	H

مندرجہ بالا جدول ناہیدہ اور نیتا کے 22 اُچھالوں سے حاصل مشاہدہ کا ہے۔ یہاں H = Head (چت) T = Tail (پٹ) ہے۔ ظاہر ہے یہاں چت اور پٹ کے آنے کا کوئی طے شدہ Pattern نہیں ہے۔ یہ اتفاق کی بات ہے کہ ایک خاص اُچھال میں چت اور پٹ میں سے کوئی ایک ہوسکتا ہے۔

خود کر کے دیکھئے:

1- ایک سکّے کو 125 بار اُچھالیے اور معلوم کیجیے کہ کتنی بار چت اور کتنی بار پٹ؟

2- ایک پاسے کو 100 بار پھینکئے اور نتائج کو ریکارڈ (Record) کیجیے۔ معلوم کیجیے کہ 1، 2، 3، 4، 5 اور 6 کتنی بار آئے ہیں؟

3- وبھوتی نے ایک پاسے کو 250 بار پھینکا اور حسب ذیل گوشوارہ حاصل کیا:

جدول: 4.9

پاسے کی تعداد	ملان کی علامت	کتنی دفعہ
1	ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ III	33
2	ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ	40
3	ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ II	47
4	ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ II	52
5	ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ	40
6	ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ ⅠⅠⅠⅠ III	38

ان اعداد کے لیے ایک بار گراف کھینچئے۔ ان نتائج سے حاصل نتیجہ کیا ہے؟

4.9.2- امکان وگمان (Probability)

جب ایک سکّے کو اُچھالا جاتا ہے تو آپ کو کیا ممکن نتائج حاصل ہوتے ہیں؟ بغیر شک و شبہ کے چت (Head) یا پٹ (Tail)۔ اس طرح چت اور پٹ سکّے اُچھالنے کے دو نتائج (Outcomes) ہیں اور نتائج کے آنے کا اتفاق (Chance) ایک ہی ہے۔ یعنی دونوں ہی نتائج کے امکان برابر تھے۔ اس لیے یہ امکان وگمان (Equally Likely) یکساں اتفاق ہے۔ ایک چت حاصل کرنے کا امکان دو نتائج میں سے ایک ہے یعنی $\frac{1}{2}$ ہے۔

اب اگر آپ ایک پاسے(Die) کو پھینکیں تو کیا آپ حاصل ہونے والے عدد کی پیشین گوئی کر سکتے ہیں؟ لوڈو(Ludu) یا سانپ اور سیڑھی کا کھیل کھیلتے وقت آپ نے ضرور سوچا ہوگا کہ دل پسند عدد حاصل ہو۔ لیکن کیا ہمیشہ آپ کی خواہش پوری ہوتی ہے؟

اب ایک پاسا لیجیے، اُسے 150 بار پھینکیے اور حاصل نتائج کو ذیل کے جدول میں بھریے :

جدول : 4.10

پاسے پر لکھے اعداد	ملان کی علامت	عدد جتنی بار حاصل ہوئی
1		
2		
3		
4		
5		
6		

پھینک کر ہر ایک نتیجہ کے لیے مناسب خانے میں ملان نشان جیسے 3 آنے پر 3 کے سامنے لگاتے رہیے۔ اس عمل کو 150 بار کیجیے اور ہر ایک نتیجہ کی کثرت(Frequency) (کل تعداد) معلوم کیجیے۔

(i) نتیجہ 1, 2, 3, 4, 5 اور 6 میں سے کون سب سے زیادہ بار ہے؟

(ii) سب سے بڑے نتیجہ اور سب سے چھوٹے نتیجہ کا فرق کیا ہے؟

اب ایک پاسے(Die) کو ایک بار پھینکنے پر 1, 2, 3, 4, 5 یا 6 کا نتیجہ حاصل ہوگا۔ اس طرح چھ یکساں ممکن نتیجے ہیں۔ تو ہم کہتے ہیں کہ 1, 2, 3, 4, 5 اور 6 میں سے ہر ایک کے آنے کا امکان $\frac{1}{6}$ ہے۔

جیسے: (i) 5 آنے کا امکان $\frac{1}{6}$

5 دینے والے نتیجہ کی تعداد ← 1

امکانی نتیجوں کی تعداد ← 6

8 دینے والے نتیجہ کی تعداد

(ii) 8 آنے کا امکان $\frac{0}{6}$

8 دینے والے نتیجہ کی تعداد ← 0

امکانی نتیجوں کی تعداد ← 6

ظاہر ہے کہ کئی ممکنات والے واقعات کا امکان 0 اور 1 کے درمیان ہوتی ہے۔ جس واقعہ کے ہونے کا کوئی اتفاق یا امکان نہیں ہے۔ ان کا امکان 0 ہوتا ہے اور جس واقعہ کو یقینی صورت میں واقع ہونا ہوتا ہے۔ اس کا امکان 1 ہوتا ہے۔

سوالنامہ : 4.4

1- بتائیے کہ مندرجہ ذیل میں سے کس کا ہونا یقینی ہے۔ کس کا ہونا ناممکن ہے۔ اور کون ہو بھی سکتا ہے اور نہیں بھی ہوسکتا ہے۔

(i) مثلث بنانے پر تین راس بنیں گے۔

(ii) ایک سکے کو اُچھالنے پر پٹ آئے گا۔

(iii) ایک سکّے کو اُچھالنے پر چت اور پٹ دونوں آئے گا۔

(iv) ایک پاسے کو پھینکنے پر 7 آئے گا۔

(v) کل بادل گھرے ہوں گے۔

(vi) یہ میچ بھارت جیتے گا۔

2- ایک ایک پرچی پر اسے 8 تک اعداد لکھے ہوئے ہیں۔ انھیں ایک باکس میں لکھ کر اچھی طرح ملا دیا جاتا ہے۔ باکس کے اندر سے بغیر دیکھے ایک پرچی نکالی جاتی ہے تو درج ذیل کا امکانا کیا ہے؟

(i) عدد 5 حاصل کرنا۔

(ii) 1 عدد کی ایک عدد حاصل کرنا۔

(iii) 5 سے چھوٹی ایک عدد حاصل کرنا۔

(iv) 5 سے بڑی ایک عدد حاصل کرنا۔

3- رانی اور ریلا میں کون پہلے گانا گائے گی۔ اس کا فیصلہ کرنے کے لیے ایک سکہ اچھالا جاتا ہے۔ ریلا کے پہلے گانے کا امکان کیا ہے؟

ہم نے سیکھا

1- آنکڑوں (Data) کو اکٹھا کرنے سے پہلے ہمیں یہ جان لینا چاہیے کہ ہم ان کا استعمال کس کام میں کریں گے۔

2- اکٹھا کیے گئے آنکڑوں کو ایک مناسب جدول کی صورت میں منظم کیے جانے کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ یہ آسانی سے سمجھنے کے لائق ہو اور ان کی تشریح کی جا سکے۔

3- نمائندہ قیمت ایک ایسا عدد ہے۔ جو دیئے گئے مشاہدے کے مجموعے (آنکڑوں) کی بہت ہی اہم خصوصیت (مرکزی رجحانات) کو ظاہر کرتا ہے۔

4- اوسط ایک ایسا عدد ہے جو مشاہدوں(Observation) یا آنکڑوں(Data) کے ایک مجموعہ کے مرکزی رجحان کو دکھاتا ہے۔ یہ سب سے زیادہ اور سب سے کم قیمت(Value) کے اعداد کے بیچ میں ہوتا ہے۔

5- مشاہدوں کے سب سے زیادہ اور سب سے کم قیمتوں(Value) کے فرق سے، ہمیں مشاہدوں کے حدود (Range) کا ایک اندازہ لگ جاتا ہے۔

6- وسطانیہ بھی ایک طرح کی نمائندہ قیمت (Representative Value) ہے۔ یہ اس قیمت کو ظاہر کرتا ہے جو مشاہدہ کے وسط (بیچ) میں ہوتا ہے۔ (انھیں بڑھتی ترتیب یا گھٹتی ترتیب میں منظم کرنے کے بعد) یعنی آدھے مشاہدے اس کے اوپر ہوتے ہیں اور آدھے مشاہدے اس کے نیچے ہوتے ہیں۔

7- وسطی (Mode) مشاہدوں(Observation) کے ایک مجموعہ میں وہ مشاہدہ ہوتا ہے جو سب سے زیادہ بار آتا ہے۔

8- گراف جمع کیے گئے آنکڑوں کا خطی تصویروں کے ذریعہ پیشکش(Representation) ہے۔ بار گراف (Bar Graph) آنکڑوں کی یکساں چوڑائی والے باروں (مستطیلوں) کے ذریعہ ایک تصویری پیشکش ہے۔

9- دوہرا بار گراف مشاہدوں کے دو مجموعوں کے موازنہ میں معاون ہے۔

10- ہمیں اپنے روزمرہ کی زندگی میں ایسی حالت پیش آتی ہے(i) جس کا ہونا طے ہے(ii) جس کا ہونا ممکن نہیں ہے(iii) جو ہو بھی سکتا ہے اور نہیں بھی۔ جس کے واقع ہونے کا کوئی اتفاق(Chance) نہیں ہے۔ اس کا امکان 0 ہوتا ہے۔ جس کا واقع ہونا طے ہے، اس کا امکان 1 ہوتا ہے۔ کئی ممکنات والے واقعہ کا امکان 0 اور 1 کے بیچ ہوتا ہے۔

باب-5

اقلیدسی بناوٹوں کی تفہیم

5.1 - تمہید:

ابھی تک ہم نے سیکھا ہے کہ ایک قطعہ خط کے دو آخری نقطہ ہوتے ہیں۔ اگر ہم ان کے ایک آخری نقطہ کو اسی سمت میں غیر محدو(Infinite) سمت میں بڑھاتے ہیں تو ہمیں شعاع حاصل ہوتی ہے اور اس کے دونوں آخری نقطوں کو اپنے اپنے سمت میں غیر محدود بڑھاتے ہیں تو ہمیں خط حاصل ہوتا ہے۔



خاکہ: 5.1

ان میں $\overline{AB}$ قطعہ خط، $\overline{AB}$ شعاع اور $\overline{AB}$ کو دکھایا گیا ہے۔

ہم یہ بھی سیکھ چکے ہیں کہ جب دو شعاعیں ایک نقطہ پر ملتی ہے تو ان شعاعوں کے بیچ کے گھٹاؤ یا جھکاؤ کو زاویہ کہتے ہیں۔



خاکہ: 5.2

اوپر کی شکل میں $\overline{OA}$ اور $\overline{OB}$ ایک نقطہ راس 'O' پر مل کر $< AOB$ بنا رہی ہے۔ تصویر(i) میں زاویہ حادّہ تصویر(ii) میں زاویہ قائمہ اور تصویر(iii) میں زاویہ منفرجہ دکھایا گیا ہے۔ جہاں $\overline{OB}$ کا جھکاؤ $\overline{OA}$ پر اُلٹی سمت یعنی گھڑی کی سوئی کی اُلٹی سمت میں آگے بڑھتا جا رہا ہے۔ زاویوں کے اسی جھکاؤ کی پیائش ہم پروٹیکٹر کی مدد سے کرتے ہیں۔ زاویہ AOB کی پیائش کو ہم $m < AOB$ لکھتے ہیں۔

اس سبق میں ہم مختلف زاویوں کے جوڑا کے بارے میں سیکھیں گے۔

کچھ کریں:

1- تصویروں میں بننے والے مختلف زاویوں کو پہچانئے اور اُن پر گول دائرہ بنائیے۔



خاکہ: 5.3

2- نیچے کے خانے میں کوئی ایسی دو شکلیں بنائیے جس میں زاویہ مادہ، زاویہ قائمہ اور زاویہ منفرجہ کا استعمال ہوا ہو۔

3- ہر ایک شکل کے نیچے ان کا نام لکھئے کہ وہ کیا ہے: خط/ شعاع/ قطعہ خط/ زاویہ حادہ/ زاویہ قائمہ/ زاویہ منفرجہ۔



۱

5.1 - زاویوں کے جوڑے:

5.1.1 زاویہ تکملہ (Complementry Angle)



خاکہ : 5.4

کسی دو نقطوں کو ایک ساتھ ملا کر دیکھیں۔ خاکہ 5.4 کے (i) اور (ii) میں بنے زاویوں کی پیائش کا $60° + 30° = 90°$ اور (iii) اور (iv) میں بنے زاویوں کی پیائش $70° + 20° = 90°$

یہاں زاویوں کے جوڑے کی پیائش آپس میں مل کر 90° ہو تو انھیں زاویہ تکملہ کہتے ہیں۔ اور جوڑے کے دونوں زاویہ ایک دوسرے کی تکملہ ہے۔ اسی طرح زاویہ (iii) زاویہ (iv) کا تکملہ ہے۔

خود کر کے دیکھیے:

1- دیے گئے زاویوں کے جوڑوں میں سے کون سا جوڑا تکملہ ہے۔ یعنی ایک دوسرے کو مکمل کرنے والے ہیں؟



(الف) (ب) (ج)

خاکہ: 5.5

$= 35° + 50° = 85°$ ------------ ------------

مکمل کرنے والے زاویہ نہیں ہے۔ ------------ ------------

2- دیے گئے زاویوں کے زاویہ تکملہ کی پیائش بتایئے:

(الف) 40° کے زاویہ کا تکملہ $90° - 40° = 50°$

(ب) 550° کے زاویہ کا تکملہ = ...

(ج) 150° کے زاویہ کا تکملہ = ...

(د) 780° کے زاویہ کا تکملہ = ...

3- دو زاویہ ایک دوسرے کا تکملہ ہوں گے اگر وہ دونوں :

(i) زاویۂ حادہ (ii) زاویۂ قائمہ (iii) زاویۂ منفرجہ

4- دو زاویے ایک دوسرے کے زاویۂ تکملہ ہیں۔ اگر ان کی پیائشوں کا فرق 30° ہو تو دونوں زاویہ کی پیائش بتائیے۔

5.1.2- زاویۂ تتمہ (Supplementary Angle)

نیچے بنائے گئے زاویہ کے جوڑوں پر غور کیجیے اور جدول کو پورا کیجیے۔



خاکہ: 5.6

جدول

زاویوں کا جوڑا	جوڑے کے پہلے زاویہ کی پیمائش	جوڑے کے دوسرے زاویہ کی پیمائش	جوڑے کے دونوں زاویوں کی پیمائش کا جمع
(i)	60°	120°	180°
(ii)			
(iii)			
(iv)			

جدول سے ظاہر ہے کہ زاویوں کے ہر ایک جوڑے کے زاویوں کی پیمائش کا جمع 180° ہے۔ زاویوں کے ایسے جوڑے زاویۂ تتمہ (Supplementary Angle) کہلاتے ہیں۔ جوڑے کے دونوں زاویے ایک دوسرے کے تتمہ کہلاتے ہیں۔ جدول میں جوڑ(i) میں 60° کا زاویہ 120° کے زاویہ کا تتمہ ہے۔ اس لیے 120° کا زاویہ 60° کے زاویہ کا تتمہ ہے۔

سوچیے: کیا 50° کے زاویے کا تتمہ 130° ہے؟

80° کا تتمہ 100° ہی کیوں ہے؟

خود کر کے دیکھیے:

1- اگر زاویوں کے جوڑے زاویۂ تتمہ ہو، تب نیچے کے اقوال میں سے کون صحیح ہے اور کون غلط؟

(i) جوڑے کے دونوں زاویے زاویہ حادہ ہو سکتے ہے۔ (غلط)

(ii) جوڑ کے دونوں زاویہ قائمہ ہو سکتے ہیں۔ ( )

(iii) جوڑ کے دونوں زاویہ منفرجہ ہو سکتے ہیں۔ ( )

(iv) جوڑ کے ایک زاویہ، زاویۂ منفرجہ اور دوسرا زاویۂ حادہ ہو سکتا ہے۔ ( )

2- نیچے زاویوں کے دو جوڑے دیے گئے ہیں۔ ان میں کون زاویۂ تتمہ ہیں۔ بتایئے؟



(i) (ii)

خاکہ: 5.7

-3 مندرجہ ذیل زاویوں میں سے ہر ایک کا تتمہ بتائیے:

(i)	75° کا تتمہ =...........	(ii)	125° کا تتمہ = ...
(iii)	80° کا تتمہ =...........	(iv)	90° کا تتمہ = ...

5.1.3- زاویہ متصل (Adjacent Angle): آیئے اب خاکہ 5.5 میں زاویہ خطی کے جوڑوں پر غور کریں:



خاکہ: 5.8

اوپر کے سبھی زاویوں کے جوڑوں میں زاویہ بنانے والے اضلاع میں سے ایک ضلع باہم مشترک ہے۔ خاکہ (i) اور (ii) میں دو راس ہیں جب کہ خاکہ (iii اور (iv) میں ایک ہی راس ہے۔ خاکہ (iii) میں زاویہ بنانے والے دو اضلاع J I اور J L مشترک اضلاع کا ایک ہی طرف ہے۔ جب کہ خاکہ (iv) میں زاویہ بنانے والی اضلاع N M اور N P مشترک ضلع N O کے ایک ایک طرف ہے۔ خاکہ (iv) میں بنا زاویہ، زاویہ متصل (Adjacent Angle) ہے۔ اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ زاویوں کا ایسا جوڑا، جس میں دونوں زاویے اس طرح ملے ہوئے ہیں کہ:

(i) ان کا راس مشترک ہے۔

(ii) زاویہ بنانے والے اضلاع میں سے ایک ضلع مشترک ہے اور

(iii) زاویہ بنانے والے جو اضلاع باہم مشترک نہیں ہیں، وہ ضلع مشترک ضلع کے ایک ایک طرف ہے، زاویہ متصل (Adjacent Angle) کہلاتا ہے۔

خود کر کے دیکھیے:

ذیل کے خاکوں میں سے کون زاویہ متصلہ کا جوڑا بناتا ہے؟



خاکہ: 5.9

5.1.4-خطی جوڑے



سیدھی سڑک میں ملتی ایک دوسری سڑک



سیدھی نہر سے نکلتی ایک دوسری نہر

(خاکہ: 5.10)

اوپر کے دونوں خاکے متصلہ زاویے (Adjacent Angle) کی مثال ہیں۔ یہاں زاویہ بنانے والے اضلاع میں سے ایک ضلع باہم مشترک ہے اور باقی دونوں اضلاع مشترک ضلع کے ایک ایک طرف اس طرح ہیں کہ وہ ایک دوسرے کے ٹھیک مخالف سمت میں ہیں۔ اور ایک سیدھا خط بنا رہے ہیں۔

ٹھیک اسی طرح خاکہ :5.11 میں $\angle ABC$ اور $\angle CBD$ آپس میں مل کر ایک متصلہ زاویہ بنا رہے ہیں۔ اور AB اور BD ایک خط مستقیم بنا رہے ہیں۔ متصلہ زاویہ کے ایسے جوڑے خطی جوڑے کہلاتے ہیں۔ یعنی آپ کہہ سکتے ہیں کہ جب متصلہ زاویہ کا جمع $180°$ ہو تب وہ خطی جوڑے بناتے ہیں۔ تب $\angle ABC + \angle CBD = 180°$



خاکہ :5.11

خود کر کے دیکھئے:

-1 خاکہ :5.12 کو دیکھ کر بتایئے $\angle AOB$ اور $\angle BOC$ ایک خطی جوڑے بناتے ہیں۔

(خاکہ: 5.12)

-2 (a) کیا $\angle AOB$ اور $\angle BOC$ آپس میں مل کر خطی جوڑے بناتے ہیں۔ اگر ہاں تو کیسے؟ نہیں تو کیوں؟



(خاکہ: 5.13)

(b) خطی جوڑوں کے زاویے ہوتے ہیں :(i) تکملہ (ii) تتمہ۔

(c) $\angle BOC$ اور $\angle AOB$ آپس میں مل کر خطی جوڑے بناتے ہیں
اگر $\angle AOB 75^\circ$ ہو تو $\angle BOC$ کی پیمائش بتایئے۔

5.1.5 - خطوط قاطع (کاٹنے والا) (Intersecting lines)


انگریزی حروف تہجی کا 24 واں حرف


غلیل


چوراہے پر ایک دوسرے کو کاٹتی سڑک

(خاکہ: 5.14)



(خاکہ: 5.15)

ان تصویروں کو دھیان سے دیکھنے پر آپ ان میں ایک یکسانیت ڈھونڈ سکتے ہیں کہ ان میں خطوط ایک دوسرے کو ایک نقطہ پر کاٹتے ہیں۔ خاکہ: 5.15 میں l اور m دو خطوط ہیں جو ایک دوسرے کو 'O' نقطہ پر کاٹتی ہے۔ 'O' نقطہ انھیں مشترک ہے۔ اسے ان دونوں خطوں کا نقطۂ قاطع (کاٹنے والا نقطہ) کہتے ہیں۔ اور l اور m خطوط قاطع ہے۔



(خاکہ: 5.16)

کچھ کریں:

تصویر 5.16 میں بتایئے:

1- نقطۂ قاطع

2- خطوط قاطع

3- خطی جوڑے کے زاویے ہوتے ہیں۔
(i) زاویۂ تکملہ (ii) زاویۂ تتمہ



(خاکہ: 5.16)

4- خط l اور m کو آگے پیچھے بڑھائیں۔ کیا وہ آپس میں ایک دوسری کو کاٹتے ہیں۔ اگر کاٹتے ہیں تو کتنے نقطوں پر کاٹتے ہیں؟

5 - دو زاویے آپس میں مل کر خطی جوڑے بناتے ہیں تو دونوں زاویے ہو سکتے ہیں:

(i) زاویۂ حادہ (ii) زاویۂ قائمہ

(iii) زاویۂ منفرجہ (iv) ایک زاویہ مادہ ایک زاویہ منفرجہ

5.16- زاویۂ متقابلہ (Vertically Opposite Angle)

قینچی ٹیبل ہینگر

(تصویر: 5.18)

خاکہ: 5.18 میں ایک خط مستقیم ایک دوسرے خط مستقیم کو کاٹ رہا ہے۔ اگر اس یکسانیت کو ہم دو خطوں کے ذریعہ دیکھنا چاہیں تو وہ خاکہ: 5.18 کے جیسا ہی ہوگا، جس میں A B اور C D دو خط ایک دوسرے کو 'O' نقطہ پر کاٹ رہی ہے۔ اس میں چار زاویے بن رہے ہیں۔ ان میں ∠1 اور ∠3 اور ∠2 اور ∠4 متقابلہ زاویوں کے جوڑے ہیں۔ آیئے اب ان زاویوں کی پیائش پر غور کریں۔ ∠1 اور مل کر ∠2 ایک خطی جوڑے بناتے ہیں۔



(خاکہ: 5.19)

تب(i) $\angle 1 + \angle 2 = 180^\circ \quad \therefore \angle 1 = 180^\circ - \angle 2$ ....

اسی طرح ∠2 اور ∠3 مل کر ایک خطی جوڑے بناتے ہیں۔

تب(ii) $\angle 2 + \angle 3 = 180^\circ \quad \therefore = 180^\circ - \angle 2$ ....

مساوات(i) اور(ii) سے ہم پاتے ہیں کہ $\angle 3 = \angle 1$

اسی طرح ہم دکھا سکتے ہیں کہ $\angle 4 = \angle 2$

ہم کہہ سکتے ہیں کہ جب دو خط مستقیم ایک دوسرے کو کاٹتے ہیں متقابلہ زاویوں کے دو جوڑے بنتے ہیں اور ہر ایک جوڑے کے دونوں زاویے برابر پیائش کے ہوتے ہیں۔

خود کر کے دیکھیے:

(1) خاکہ: 5.20 میں A B اور C D ایک دوسرے کو O نقطہ پر کاٹتے

ہیں $\angle BOC = 70^\circ$ اور $\angle BOD = 110^\circ$ ہے تب $\angle AOC$ اور $\angle AOD$ کی پیمائش بتائیے۔



(2) اپنے آس پاس سے متقابلہ زاویوں کے دو مثال پیش کیجیے۔

(خاکہ 5.20)

سوالنامہ : 5.1

1- نیچے دیئے گئے زاویوں کا زاویہ تکمیلہ چاند کی مدد سے بنائیے :

....

....

2- ذیل کے زاویوں کا زاویہ تکملہ معلوم کیجیے:

(i) 35° (ii) 54° (iii) 45° (iv) 78°

3- ذیل کے زاویوں کا زاویہ تتمہ معلوم کیجیے:



(i)

(ii)

(iii)

4- ایک زاویہ اور اس کے زاویہ تکمیلہ کی پیمائش برابر ہیں۔ دونوں کی پیمائش بنائیے۔

5- زاویۂ تتمہ کے جوڑے میں اگر ایک زاویہ، زاویۂ حادہ ہے تو اس کا تتمہ زاویہ منفرجہ ہوگا یا زاویۂ حادہ؟ وجہ کے ساتھ بتائیے۔

6- متصل شکل میں $\angle AOB$ اور $\angle BOC$ ایک خطی جوڑے بنا رہے ہیں۔ $\angle AOB = 60^\circ$ ہو تب $\angle BOC$ کی پیمائش کیا ہوگی؟



(تصویر: 5.21)

-7 دی گئی تصویر میں $\angle AOC = 120°$ تب $\angle BOC$ ، $\angle BOD$ اور $\angle AOD$ کی قیمت معلوم کیجیے۔



(تصویر: 5.22)

-5.2 خط تقاطع (Transversal) کی خاصیت

-5.2.1 ترچھا کاٹنے والا یا خط تقاطع



دروازے کی تین پٹریوں کو جوڑتی خط تقاطع پٹری

دو سڑکوں کو کاٹتی ایک سڑک

دو ریلوے لائنوں کو پار کرتی ایک دوسری ریلوے لائن

(تصویر: 5.23)

مندرجہ بالا تصویروں کو دھیان سے دیکھنے پر آپ پاتے ہیں کہ یہاں ایک خط دو یا دو سے زیادہ خطوں کو الگ الگ نقطوں پر کاٹتی ہے۔ ایسے خطوط، خطوط تقاطع کہلاتے ہیں۔



(تصویر: 5.24)

یہاں تصویر: 5.24 کے (i) میں l اور m دو خطوط ہیں، جنھیں ایک خط n نقطہ o اور p پر کاٹ رہی ہے۔ یہاں n خط تقاطع ہے۔(ii) میں a اور b دو خطوط ہیں، جنھیں ایک خط c ایک ہی نقطہ 'o' پر کاٹتی ہے۔ اس لیے یہ خط تقاطع نہیں ہے۔ یہاں تینوں خطوط a ، b اور c ایک ہی نقطہ 'o' سے گزر رہے

ہیں۔ ایک نقطہ پر گزرنے والے سبھی خطوط ...... خطوط کہلاتے ہیں۔

خود کر کے دیکھئے :

1- l اور m دو خطوط کے لیے کتنی خطوط تقاطع کھینچے جا سکتے ہیں؟

2- m، l اور n تین خطوط کے لیے خط 'p' ایک خط تقاطع ہے۔ بتایئے یہاں کتنے نقطۂ قاطع ہیں؟

3- اپنے آس پاس سے ایسی کچھ مثال دیجیے، جن میں آپ خط قاطع دیکھ پائیں۔

4- سامنے درج تصویر کو دھیان سے دیکھئے اور ذیل کے سوالوں کا جواب دیجیے :



(i) کیا خط p خط l اور m کے لیے خط قاطع ہے؟

(ii) کیا خط p خط l، m اور n کے لیے خط قاطع ہے؟

(iii) خط n , p اور l کیسے خطوط ہیں؟ قاطع، متوازی یا متفق۔

(تصویر : 5.25)

5.2.2- خط قاطع کے ذریعہ دو خطوط کو کاٹنے سے بننے والے نظیری زاویے (Corresponding Angle)

تصویر 5.26 میں n ایک خط قاطع ہے جو l اور n دو خط کو دو مختلف نقطوں p اور q پر کاٹتا ہے۔ اس طرح n اور l خطوط قاطع ہیں۔ اس طرح بننے والے چار زاویوں کو $\angle 1, \angle 2, \angle 3$ اور $\angle 4$ سے دکھایا گیا ہے۔ اُسی طرح n اور m خط قاطع ہیں۔ ان نقطہ قاطع پر بننے والے چار زاویے $\angle 5, \angle 6, \angle 7$ اور $\angle 8$ ہیں۔ اس لیے ہم کہہ سکتے ہیں کہ n خط تقاطع دو خط l اور m کو کاٹنے سے کل 8 زاویے بنتے ہیں۔ خط تقاطع کی بائیں جانب بننے والے زاویے $\angle 1, \angle 4, \angle 6$ اور $\angle 8$ ہیں اور دائیں جانب بنانے والے زاویے $\angle 2, \angle 3, \angle 6, \angle 7$ ہیں۔ اسی طرح l اور m خط کے اوپر اور نیچے بھی چار چار زاویے بن رہے ہیں۔ خط تقاطع n کے بائیں یا دائیں جانب l اور m کے اوپر یا نیچے بنے زاویے، زاویہ نظیری کے جوڑے کہلاتے ہیں۔ اوپر کی تصویر میں $\angle 1$ اور $\angle 5$، $\angle 2$ اور $\angle 6$، $\angle 4$ اور $\angle 8$ اور $\angle 3$ اور $\angle 7$ زاویہ نظیری کے جوڑے ہیں۔



(تصویر : 5.26)

خود کر کے دیکھیے:



(تصویر 5.27)

1- تصویر 5.27 میں دیکھ کر زاویہ نظیری کے چاروں جوڑے کو لکھیے:

(i) .... اور ....

(ii) .... اور ....

(iii) .... اور ....

(iv) .... اور ....



(تصویر 5.28)

2- تصویر 5.28 میں خط E F کے بائیں جانب بنے زاویہ نظیری کے جوڑوں کے نام لکھیے:

3- تصویر 5.29 میں زاویوں کو نامزد کر کے جدول میں زاویہ نظیری کے جوڑوں کو لکھیے:



(تصویر 5.29)

5.2.3- زاویہ متبادل (Alternate Angle)



(تصویر 5.30)

خط l اور m کو خط قاطع n دو مختلف جگہوں پر کاٹتی ہے۔ کاٹنے والے نقطہ پر بنے زاویوں کو تصویر 5.30 میں دکھایا گیا ہے۔ 3∠، 4∠، 5∠ اور 6∠ خط تقاطع کی دونوں طرف کے داخلہ زاویوں کے جوڑے ہیں، جو آپس میں منسلک نہیں ہے۔ یہ مختصر طور پر داخلہ متبادل زاویوں کے جوڑے ہیں۔

اسی طرح 2∠، 8∠ اور 1∠، 7∠ خارجی متبادل زاویہ ہیں۔

خود کر کے دیکھئے:



(تصویر 5.27)

1- تصویر 5.31 میں خارجی زاویۂ متبادل اور داخلی زاویۂ متبادل کے جوڑے کو الگ کر کے لکھئے:

(i) خارجی زاویۂ متبادل

(ii) داخلی زاویۂ متبادل



(تصویر 5.27)

2- تصویر 5.32 میں زاویۂ نظیری اور زاویۂ متبادل کے جوڑے بتائیے۔

3- نیچے دکھائے گئے زاویے کے جوڑوں کو پہچانئے اور بتائیے کہ کہ وہ کون سے زاویوں کے جوڑے ہیں۔ زاویۂ نظیری، داخلی زاویۂ متبادل یا خارجی زاویۂ متبادل؟



5.2.4- زاویۂ خارجی اور زاویۂ داخلی (Exterior & Interior angle):



(تصویر 5.33)

یہاں خط قاطع n کے ذریعہ l اور m دو خط کو نقطہ A اور B پر کاٹنے سے کل آٹھ زاویے بنے ہیں۔ یہاں خط l اور m کے باہر کی طرف بننے والے زاویے زاویۂ خارجہ اور خط l اور m کے اندر کی جانب بننے والے زاویے زاویۂ داخلہ کہلاتے ہیں۔

زاویۂ خارجہ $= \angle 1, \angle 2, \angle 7$ اور $\angle 8$

زاویۂ داخلہ $= \angle 3, \angle 4, \angle 5$ اور $\angle 6$

خود کر کے دیکھیے :

(i) زاویۂ خارجہ کے نام لکھیے :

(ii) زاویۂ داخلہ کے نام لکھیے :



(تصویر 5.34)

5.3 - متوازی خطوں کی خاصیت

5.3.1- متوازی خطوط (Paralle LLines):

کسی سطح پر کھینچے گئے دو خطوں پر غور کیجیے۔ اگر دونوں جانب ان خطوں کو غیر محدود طور پر بڑھایا جائے تو ہم پاتے ہیں کہ یا تو خط ایک دوسرے سے ایک نقطہ پر ملتے ہیں یا پھر کبھی اور کہیں نہیں ملتے۔ جو خطوط آپس میں کبھی نہیں ملتے وہ متوازی خطوط کہلاتے ہیں۔ اگر n اور p متوازی خط ہیں تو اسے $n \parallel p$ کے ذریعہ ظاہر کرتے ہیں۔



(تصویر 5.35)



کتاب کے آمنے سامنے کے دو کنارے — ریلوے لائن کے دو کنارے — ندی یا نہر کے دو کنارے

(تصویر 5.36)

5.3.2- متوازی خطوط کا خط تقاطع

l اور m دو متوازی خط ہیں، جن کو n ایک خط تقاطع کاٹتا ہے۔ اس طرح بنے 8 زاویوں کی پیمائش کو

پروٹیکٹر کی مدد سے ذیل کے جدول کو بھریئے :

(i)



(ii)

(تصویر 5.37)

$\angle 8$	$\angle 7$	$\angle 6$	$\angle 5$	$\angle 4$	$\angle 3$	$\angle 2$	$\angle 1$	تصویر
								(i)
								(ii)

یہاں ہم پاتے ہیں کہ $\angle 1 = \angle 5$ ، $\angle 2 = \angle 6$ ، $\angle 3 = \angle 7$ اور $\angle 4 = \angle 8$ یعنی زاویہ نظیری کا جوڑا برابر پیائش کا ہے۔

پھر $\angle 1 = \angle 7$ ، $\angle 2 = \angle 8$ ، $\angle 3 = \angle 5$ اور $\angle 4 = \angle 6$

یعنی زاویہ متبادلہ کے خارجی و داخلی جوڑے یکساں پیائش کے ہیں۔ پھر $\angle 4 + \angle 5 = 180°$ اور $\angle 3 + \angle 6 = 180°$ یعنی خط تقاطع کی ایک جانب کے زاویہ داخلہ کا جمع زاویہ تتمہ یعنی $180°$ ہے۔

اس طرح ہم اس نتیجے پر پہنچتے ہیں کہ جب دو متوازی خط کو ایک خط تقاطع کاٹتا ہے، تب:

(i) زاویہ نظیری کے ہر ایک جوڑے میں زاویوں کی پیائش برابر ہوتے ہیں۔

(ii) زاویہ متبادل کے ہر ایک جوڑے میں زاویوں کی پیائش برابر ہوتے ہیں۔

(iii) خط تقاطع کی ایک ہی جانب کے داخلہ زاویوں کا جمع $180°$ یعنی زاویہ تتمہ ہوتا ہے۔

خود کر کے دیکھیے:

1- نیچے دی گئی تصویروں میں l □ m ہو تو نامعلوم زاویوں کی پیمائش معلوم کیجیے۔

(i)



(ii)



(iii)

□ n = ... $\angle y$ = ... □ n = ...



(iv)

$\angle BGH$ = ...

$\angle DHF$ = ...

$\angle GHC$ = ...

a = ...

b = ...

c = ...

d = ...

(v)



(vi)

$\angle B$ = ...

$\angle C$ = ...

$\angle D$ = ...

5.3.3- متوازی خطوط کی جانچ

آیئے اب ہم غور کریں کہ جب دو خطوط کھینچے ہوئے ہوں تب وہ متوازی خط ہیں یا نہیں۔ اس کی جانچ کیسے ہو۔ روزمرہ کی زندگی میں ہمیں اکثر متوازی خطوط کی ضرورت پڑتی رہتی ہے۔ نقشہ بنانے والے، مستری، بڑھئی اکثر تصویر 5.38 دکھائی گئی چیزوں کا استعمال کرتے آپ کو دکھائی پڑ جائیں گے۔ یہاں وہ خطوط کو متوازی کرنے کے لیے دو L کو اسکیل پر رکھ کر زاویۂ نظیری کو برابر کرتے ہیں۔ اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ جب دو خطوط کو خط تقاطع اس طرح کاٹے کہ زاویۂ نظیری کے جوڑے برابر ہوں تو خطوط متوازی ہوتے ہیں۔ اب تصویر 5.39 پر غور کیجئے۔ اس میں z کی سیدھی اور اُلٹی تصویریں بن رہی ہیں۔ ان تصویروں میں AB II CD اور PQ II SR دکھائی پڑ رہا ہے۔ ایسا داخلی زاویۂ متبادل کے برابر ہونے کی وجہ سے ہو رہا ہے۔ اس لیے ہم کہہ سکتے ہیں کہ اگر دو خط کو ایک خط تقاطع کاٹتا ہے اور متبادل زاویوں کے جوڑے یکساں ہیں۔ تب خطوط متوازی ہوتے ہیں۔



(تصویر 5.38)



(تصویر 5.39)

کچھ کریں:

ایک خط l کھینچئے۔ پھر l پر ایک خط عمودی m کھینچئے۔ اب ایک دوسرا خط p اس طرح کھینچئے کہ وہ m پر خط عمودی ہو۔ یہاں خط p اور l خط m پر خط عمودی ہے۔ یہ دونوں خط متوازی ہیں۔ کیوں کہ

$$\angle x + \angle y = 180°$$

اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ جب دو خط کو کوئی خط تقاطع اس طرح کاٹے کہ خط تقاطع کی ایک ہی جانب بنے۔ زاویۂ داخلہ کا جوڑ



(تصویر 5.40)

180° ہو تب دونوں خطوط متوازی ہوں گے۔

خود کر کے دیکھئے :

نیچے دی گئی تصویروں میں بتایئے کہ خط l اور m متوازی ہیں یا نہیں۔ ساتھ میں وجوہات بھی بتایئے :

-1



ہاں / نہیں

وجوہات :

-2



ہاں / نہیں

وجوہات :

-3



ہاں / نہیں

وجوہات :

-4



ہاں / نہیں

وجوہات :

سوالنامہ : 5.2

تصویر میں بتایئے :



(تصویر 5.41)

-1 زاویہ نظیری کے جوڑوں کے نام۔

-2 داخلی زاویہ متبادل کے جوڑوں کے نام۔

-3 خارجی زاویہ متبادل کے جوڑوں کے نام۔

-4 خط تقاطع کی ایک ہی جانب کے داخلی زاویوں کے نام۔

5- l□m، تب x کی پیمائش بتائیے:



(iii) (ii) (i)



(تصویر 5.42)

6- تصویر 5.42 میں m□l اور n□p، تب $\angle n$ اور $\angle y$ کی قیمت معلوم کیجیے:

7- تصویر 5.42 میں z □ کی قیمت کیا ہوگا؟ اور اس میں بننے والا مربع ذو اربعۃ الاضلاع کس طرح کا ہوگا؟ وجہ بتائیے۔

8- تصویر 5.43 میں AB□CE اور CE□DF، تب $\angle B = 45°$ تب $\angle C$ اور $\angle D$ کی قیمت معلوم کیجیے۔ کیا AB □ DF، اگر ہاں تو کیسے؟



(تصویر 5.43)



(تصویر 5.44)

9- تصویر 5.44 میں l اور m دو خطوط کو ایک خط قاطع کاٹتا ہے، تب:

(i) کن کن زاویوں کے برابر ہونے پر l□m ہوگا؟

(ii) تصویر 5.44 میں $\angle 4 + \angle 5 = 180°$ ہے۔ تب کیا l□m ہوگا؟

ہم نے سیکھا

1- دو زاویوں کی پیمائش $90°$ ہو تو وہ دونوں مل کر زاویۂ تکملہ کے جوڑے اور الگ الگ آپس میں ایک دوسرے کے تکمیلی کہلاتے ہیں۔

2- زاویوں کا ایسا جوڑا، جن کی پیمائش کا جمع $180°$ ہو تو زاویہ تتمہ کہلاتے ہیں۔ جوڑے کے دونوں زاویے ایک دوسرے کے تتمہ کہلاتے ہیں۔

3- زاویوں کا ایسا جوڑا، جس میں دونوں زاویۂ اس طرح منسلک ہیں کہ راس مشترک ہو، زاویہ بنانے والے اضلاع میں سے ایک ضلع مشترک ہو اور زاویہ بنانے والے جو اضلاع مشترک نہیں ہیں، وہ مشترک ضلع کے مخالف جانب ہوں، متصلہ زاویہ کہلاتا ہے۔

4- جن متصلہ زاویوں کا جمع $180°$ ہو وہ خطی جوڑا بناتے ہیں۔

5- جب دو خط مستقیم ایک دوسرے کو کاٹتے ہیں تو زاویۂ متقابل (Vertically Opposite Angle) کے دو جوڑے بنتے ہیں۔ اور ہر ایک جوڑے کے دونوں زاویے یکساں پیمائش کے ہوتے ہیں۔

6- ایک خط دو یا دو سے زائد خطوں کو مختلف نقطوں پر کاٹتا ہے تو خط تقاطع کہلاتا ہے۔

7- ایک نقطہ سے ہو کر گزرنے والے سبھی خط خطوط متفقہ کہلاتے ہیں۔

8- خط تقاطع کے ذریعہ دو خطوں کو کاٹنے سے:



(i) زاویۂ نظیری کے چار جوڑے $\angle 2$ اور $\angle 6$، $\angle 1$ اور $\angle 5$، $\angle 4$ اور $\angle 8$، $\angle 3$ اور $\angle 7$ بنتے ہیں۔

(ii) داخلی زاویۂ متبادل کے دو جوڑے $\angle 3$ اور $\angle 5$، $\angle 4$ اور $\angle 6$ بنتے ہیں۔

(iii) خارجی زاویۂ متبادل کے دو جوڑے $\angle 1$ اور $\angle 7$، $\angle 2$ اور $\angle 8$ بنتے ہیں۔

9- جب دو متوازی خطوط کو ایک خط تقاطع کاٹتا ہے تب:

(i) زاویۂ نظیری کے ہر ایک جوڑوں میں زاویوں کی پیمائش برابر ہوتے ہیں۔

(ii) زاویۂ متبادلہ کے ہر ایک جوڑے میں زاویوں کی پیمائش برابر ہوتے ہیں۔

(iii) خط تقاطع کی ایک ہی جانب کے زاویۂ داخلہ کا جمع $180°$ ہوتا ہے۔

باب: 6

مثلث اور اس کی خاصیت

تمہید:

پچھلی جماعت میں ہم نے مثلث کے بارے میں پڑھا ہے۔ تین قطعہ خط سے گھری شکل مستوی مثلث ہے۔ مثلث میں تین راس تین ضلعے اور تین زاویے ہوتے ہیں۔ تصویر 6.1 میں ABC ایک مثلث ہے اور A ، B اور C راس ہیں۔ AB ، BC اور CA ضلعے ہیں۔ اور $\angle ABC$ ، $\angle BCA$ اور $\angle CAB$ تین زاویے ہیں۔ راس A کے سامنے کا ضلع BC اور BC کے سامنے کا زاویہ $\angle BAC$ ہے۔



(تصویر 6.1)

ہم مثلثوں کو ان کی ضلع اور زاویہ کے مطابق درجہ بندی کرنے کا بھی مطالعہ کر چکے ہیں۔ ضلع کے مطابق مثلث کی تین قسمیں ہوتی ہیں۔ مثلث متساوی الساقین (Isosceles Triangle)، مثلث متساوی الاضلاع (Equilateral Triangle) اور مثلث مختلف الاضلاع (Scalen Triangle)۔ اسی طرح زاویہ کے مطابق مثلث تین قسم کے ہوتے ہیں۔ مثلث حادّۃ الزاویہ (Acute Triangle) مثلث قائم الزاویہ (Right Triangle) اور مثلث منفرج الزاویہ (Obtuse Triangle)۔

کوشش کیجیے:



(تصویر 6.2)

1- تصویر 6.2 میں مثلث DEF کے راس، ضلع اور زاویہ کے نام لکھیے:

....

....

....

2- $\angle DEF$ کے سامنے والے ضلع کے نام بتائیے:

....

3- نیچے دیئے گئے مثلث کے نیچے لکھئے کہ وہ کون سا مثلث ہے؟ مثلث مساوی الاضلاع، مثلث مساوی الاساقین، مثلث قائمۃ الزاویہ، مثلث حادۃ الزاویہ اور مثلث منفرج الزاویہ یا مختلف الاضلاع۔



6.1- مثلث کے زاویوں کے جوڑ کا اصول

نیچے بنے مثلثوں کے زاویہ B کو دھیان سے دیکھئے:



(تصویر 6.3)

اوپر کی تصویر میں مثلث ABC میں $\angle B$ کی ناپ کو گھٹتے ہوئے دکھایا گیا ہے۔ ہم پاتے ہیں کہ جیسے جیسے $\angle B$ کی قیمت گھٹ رہی ہے ویسے ویسے $\angle A$ اور $\angle C$ کی قیمت بڑھ رہی ہے۔ یعنی مثلث میں تینوں زاویوں کا گھٹنا یا بڑھنا کسی ایک مقررہ اصول کے تحت ہوتا ہے۔ اور مثلث کے زاویوں کا جوڑ بھی کسی اصول سے بندھا ہوتا ہے۔ آیئے اس کو سیکھنے کی کوشش کیجئے۔

کچھ کریں:

اپنے نوٹ بک پر ایک مثلث بنایئے۔ اب پرکار کی مدد سے مثلث کے تینوں زاویوں کو مساوی نصف قطر والی قوسوں سے ظاہر کیجئے اور ان پر تصویر کے مطابق 1، 2 اور 3 درج کیجئے۔ اب مثلث کو تین ٹکڑوں میں اس طرح کاٹئے کہ ہر ایک ٹکڑے میں مثلث کا ایک ایک زاویہ ہو۔



(تصویر 6.4)



(تصویر 6.4)

اب تینوں ٹکڑوں میں بنے زاویوں کو اس طرح سے قائم کیجئے کہ ان کے راس ایک ساتھ ایک نقطہ پر رہیں۔ (تصویر 6.5) یہاں $\angle 1$، $\angle 2$ اور $\angle 3$ مل کر ایک ایک خط مستقیم بناتے ہیں اور مساوی قطر والی قوسوں سے دکھائے گئے زاویہ ایک خط مستقیم پر قائم ہوتے ہیں۔ چونکہ ایک خط مستقیم پر بنے سبھی زاویے کا جوڑ دو قائمۃ الزاویہ کے برابر ہوتا ہے اور چونکہ ایک قائمۃ الزاویہ $90°$ اس لیے دو قائمۃ الزاویہ $= 180°$۔ اس لیے $\angle 1 + \angle 2 + \angle 3 = 180°$۔ اس طرح ہم نتیجہ نکال سکتے ہیں کہ مثلث کے تینوں زاویوں کا جوڑ $180°$ ہوتا ہے۔ آیئے اس نتیجہ کو ہم ایک دوسرے طریقے سے جاننے کی کوشش کریں۔

اس بات کو آپ ایک دوسرے طریقے سے بھی دیکھ سکتے ہیں۔ کسی $\triangle ABC$ کے تین یکساں شکلیں بنائیے۔ (تصویر 6.6)



(تصویر 6.6)



(تصویر 6.7)

ان تینوں کو تصویر 6.7 کی طرح ملا کر ٹھیک سے رکھئے۔ $\angle 1 + \angle 2 + \angle 3$ کے بارے میں آپ کیا نتیجہ اخذ کرتے ہیں؟ (کیا آپ یہاں زاویۂ خارجہ سے متعلق خاصیت بھی دیکھ پاتے ہیں؟)

کچھ کریں:

اپنی مشقی کتاب میں کوئی تین مثلث جیسے $\triangle PQR$، $\triangle ABC$ اور $\triangle XYZ$ کھینچئے۔ ان سبھی مثلثوں کے ہر ایک زاویے کی ناپ چاند(Project) کے ذریعہ ناپ کر معلوم کیجئے۔ ان ناپوں کو جدول کی صورت میں اس طرح کھینچئے۔

تینوں زاویوں کی ناپوں کا جوڑ	زاویوں کی ناپ	⊔ کا نام
$m\angle A + m\angle B + m\angle C$ =	$m\angle A = m\angle B = m\angle C$ =	⊔ ABC
$m\angle P + m\angle Q + m\angle R$ =	$m\angle P = m\angle Q = m\angle R$ =	⊔ PQR
$m\angle X + m\angle Y + m\angle Z$ =	$m\angle X = m\angle Y = m\angle Z$ =	⊔ XYZ

قول: مثلث کے تینوں زاویوں کی ناپوں کا جوڑ 180° ہوتا ہے۔ اس حقیقت کو ثابت کرنے کے لیے ہم متوازی خطوط کی خاصیتوں کا استعمال کریں۔



(تصویر 6.8)

دیا ہے: ABC ⊔ کے تین زاویہ $\angle 1$ ، $\angle 2$ اور $\angle 3$ ہیں۔ (تصویر 6.8) دکھاتا ہے کہ:

$\angle 1 + \angle 2 + \angle 3 = 180°$ راس A سے ضلع BC کی متوازی خط l کھینچا۔

حل مرحلہ وجہ

(i) $\angle 1 = \angle 5$ $l \parallel \overline{BC}$ اور AB ایک خط تقاطع ہے۔ اس لیے زاویۂ متبادلہ برابر ہونا چاہیے۔

(ii) $\angle 2 = \angle 4$ $l \parallel \overline{BC}$ اور AC ایک خط تقاطع ہے۔ اس کے زاویۂ متبادلہ برابر ہونا چاہیے۔

i + ii

$\angle 1 + \angle 2 = \angle 5 + \angle 4$ $\Rightarrow$ دونوں جانب میں $\angle 3$ جوڑنے پر

$\angle 1 + \angle 2 + \angle 3 = \angle 5 + \angle 4 + \angle 3$

$= 180°$ $\angle 3$ ، $\angle 4$ ، $\angle 5$ ایک خط پر بنے زاویے ہیں

اور ایک خط پر بنے زاویوں کا جوڑ 180° ہوتا ہے۔

اس لیے مثلث کے تینوں زاویوں کا جوڑ 180° یعنی دو زاویۂ قائمہ کے برابر ہوتا ہے۔

مثال(1): دیئے گئے مثلث میں $\angle B = 75°, \angle C = 35°$ تب $\angle A$ کی ناپ معلوم کیجئے۔



(تصویر 6.9)

ہم جانتے ہیں کہ مثلث کے تینوں زاویوں کا جوڑ 180° ہوتا ہے

اس لیے $\angle A + \angle B + \angle C = 180^\circ$ یا $\angle A + 75^\circ + 35^\circ = 180^\circ$ یا

$\angle A + 110^\circ = 180^\circ$ یا $\angle A = 180^\circ - 110^\circ = 70^\circ$

مثال (2): دی گئی تصویر میں $\triangle ABC$ ایک مثلث قائمہ زاویہ ہے، جس میں زاویہ $\angle B$ قائمہ زاویہ ہے اور زاویہ C کی ناپ 60° ہے۔ زاویہ A کی ناپ معلوم کیجئے۔

مثلث زاویہ قائمہ $\triangle ABC$ میں

$$\angle A + \angle B + \angle C = 180^\circ$$

$$\Rightarrow \quad \angle A + 90^\circ + 60^\circ = 180^\circ \quad (\because \angle B = +90^\circ)$$

$$\Rightarrow \quad \angle A + 150^\circ = 180^\circ$$

$$= \angle A = 180^\circ - 150^\circ = 30^\circ$$

اس لیے $\angle A = 30^\circ$

(تصویر 6.10)

6.2- زاویۂ خارجہ، متقابل زاویۂ داخلہ (Interior Angle and Opposite Interior Angle)



(تصویر 6.10)

تصویر 6.11 میں مثلث ABC میں BC ضلع کو C کی سمت میں D نقطہ تک بڑھایا گیا ہے۔ اس C نقطہ پر بنا زاویہ $\angle ACD$ مثلث کے خارجہ حصہ میں بنا زاویہ ہے۔ ایسا زاویے خارجہ دوسرے ضلعوں کو بڑھا کر بھی حاصل کیا جاسکتا ہے۔

اس لیے $\angle ACD$ $\triangle ABC$ کے راس C پر بنا ایک زاویۂ خارجہ (Interior Angle) کہلاتا ہے۔ یہاں $\triangle ABC$ کے تینوں زاویوں میں $\angle C$ زاویۂ خارجہ ACD کے ساتھ منسلک زاویہ ہے اور $\angle A$ اور $\angle B$ زاویۂ خارجہ سے دور واقع زاویے ہیں، جو مثلث کے اندرونی حصہ میں ہے۔ اس C پر واقع زاویۂ خارجہ کے لیے $\angle C$ متصلہ ہے۔ زاویۂ داخلہ اور $\angle A$ اور $\angle B$ متقابل زاویۂ داخلہ ہے۔

آیئے اب زاویۂ خارجہ اور زاویۂ داخلہ میں رشتوں کو دیکھیں۔ ایک ٹریسنگ پیپر (Tracing Paper) پر $\triangle ABC$ کو ٹریس کریں۔ (تصویر 6.12) اب ٹریسنگ پیپر کو اس طرح دو حصوں میں بانٹئے

کہ $\angle A$ ایک حصے پر اور $\angle B$ دوسرے حصے پر ہو۔ (تصویر 6.13)



(تصویر 6.12)



(تصویر 6.13)



(تصویر 6.14)

اب $\angle A$ اور $\angle B$ کو ملا کر $\angle ACD$ پر رکھیے۔ کیا یہ دونوں زاویے $\angle ACD$ کو پوری طرح ڈھک لیتے ہیں؟

تصویر 6.14 کو دیکھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ $\angle A$ اور $\angle B$ ایک ساتھ مل کر $\angle ACD$ کو پوری طرح ڈھک لیتے ہیں۔

تب $m\angle ACD = m\angle A + m\angle B$ یعنی کسی مثلث کا زاویۂ خارجہ اپنے دونوں متقابل زاویۂ داخلہ کے جوڑ کے برابر ہوتا ہے؟

خود کر کے دیکھیے:

1- نیچے دیئے گئے مثلثوں میں دیئے گئے زاویۂ خارجہ اور اُس سے متعلق متقابل زاویۂ داخلہ کو ناپئے اور اس اصول کی جانچ کیجئے اور x کی قیمت معلوم کیجئے۔



مثلث کے زاویہ اور ضلع میں رشتہ



(تصویر 6.14)

دو خاص مثلث: مثلث متساوی الاضلاع اور متساوی الساقین

ایک مثلث، جس کے تینوں ضلع کی ناپ برابر ہو، مثلث متساوی الاضلاع کہلاتا ہے۔

ایک مثلث متساوی الاضلاع ABC (تصویر 6.15) بنائیے۔ اس کا متبادل یعنی اسی ناپ کا

ایک اور مثلث متساوی الاضلاع کاغذ سے کاٹیے۔ پہلے مثلث کو غیر متحرک رکھتے ہوئے اس پر دوسرا مثلث اسے ڈھکتے ہوئے رکھیں۔ دوسرا مثلث پہلے کو پوری طرح ڈھک لیتا ہے۔ دوسرے مثلث کو پہلے مثلث پر کسی بھی طرح گھوما کر رکھیں۔ وہ دونوں مثلث پھر بھی ایک دوسرے کو ڈھک لیتے ہیں۔ کیا آپ دیکھ پاتے ہیں کہ اگر مثلث کے تینوں اضلاع مساوی ہوں تب تینوں زاویے بھی مساوی ناپ کے ہوتے ہیں۔ ہم نتیجہ نکالتے ہیں کہ مثلث متساوی الاضلاع میں (i) تینوں اضلاع مساوی ناپ کے ہوتے ہیں۔ (ii) ہر ایک زاویہ کی پیائش 60° ہوتی ہے۔

ایک مثلث، جس کے دو اضلاع کی ناپ مساوی ہو ایک مثلث متساوی الساقین کہلاتا ہے۔



(تصویر 6.16)

کاغذ کے ٹکڑے سے ایک مثلث متساوی الاضلاع XYZ تراشیے، جس میں ضلع XY = ضلع XZ ہو (تصویر 6.16)۔ اسے اس طرح موڑیے جس سے راس Z راس Y پر منطبق ہو۔ اب X سے گزرنے والا خط XM اس مثلث کا متشاکل محور ہے۔ آپ دیکھتے ہیں کہ $\angle Y$ اور $\angle Z$ ایک دوسرے کو پورے طور سے ڈھک لیتے ہیں۔ XY اور XZ برابر اضلاع ہوتے ہیں۔

اس طرح ہم نتیجہ نکالتے ہیں کہ مثلث متساوی الساقین میں (i) دو ضلع برابر لمبائی کی ہوتی ہے۔

خود کر کے دیکھیے:



(تصویر 6.17)

1- ایک مثلث زاویہ قائمہ کے ایک زاویۂ حادہ کی ناپ 42° ہے تو دوسرے زاویہ مادہ کی ناپ کیا ہوگی؟

2- تصویر 6.17 میں مثلث کے ایک زاویہ کی ناپ 60° اور دوسرے زاویے کی ناپ 72° ہے تب تیسرے زاویہ کی ناپ معلوم کیجیے۔

3- ایک مثلث کے تینوں زاویوں میں نسبت $3:4:5$ ہے۔ زاویوں کی ناپ معلوم کیجیے۔

4- ایک مثلث زاویۂ قائمہ کے دونوں زاویۂ حادہ مساوی ہیں۔ دونوں زاویۂ حادہ کی ناپ معلوم کیجیے۔

(ii) مساوی ضلعوں کے سامنے کا زاویہ مساوی ہوتا ہے۔



(تصویر 6.17)

5- تصویر 6.18 میں $AB = AC$ اور $\angle ABC = 65°$ تب
مثلث کے باقی دونوں زاویوں کی ناپ معلوم کیجئے۔

6.3- مثلث کا وسطانیہ (Median of a Triangle)

کاغذ کے ٹکڑے سے ایک مثلث ABC تراشیے۔



(تصویر 6.19)

اس کے راس B کو راس C پر رکھ کر موڑیئے۔ جس سے BC ضلع کو دو برابر حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اور D نقطہ کو ضلع BC کے وسط پر دکھایا گیا ہے۔ اب راس A سے D کو ملایا گیا ہے۔ یہی مثلث کا خط وسطانیہ ہے۔ کیا آپ A B اور A C ضلع پر بھی خط وسطانیہ کھینچ سکتے ہیں؟ ہاں کھینچ سکتے ہیں۔ مثلث میں کل 3 خط وسطانیہ ہوتے ہیں، جو مثلث کے تینوں راسوں سے سامنے والے ضلعوں پر کھینچے جا سکتے ہیں۔

مثلث میں کسی ضلع کے نقطہ وسط کو مخالف راس سے ملانے والا خط ہی مثلث کا خط وسطانیہ ہے۔ تینوں خط وسطانیہ ایک دوسرے کو جس نقطہ پر کاٹتے ہیں وہ نقطہ مثلث کا مرکز ثقل (Centroid) کہلاتا ہے۔

کچھ کریں:

ایک مثلث میں تینوں خط وسطانیہ کھینچئے اور بتایئے:

(i) کیا تینوں خط وسطانیہ ہم نقطہ ہوتے ہیں یعنی ایک ہی نقطہ سے گزرتے ہیں؟

(ii) کیا ایک خط وسطانیہ پورے طور سے مثلث کے اندر ہوتا ہے؟ اگر آپ کے مطابق یہ سچ نہیں ہو تو اس حالت کو دکھانے کے ایک خاکہ کھینچئے۔

6.4- مثلث کے ارتفاع (Altitude of a Triangle)



(تصویر 6.20)

مثلث کی ساخت والے گتے کو ہموار زمین پر سیدھا کھڑا کریں۔ اس کی اونچائی کتنی ہے؟ یہ اونچائی راس A سے ضلع BC تک کی دوری ہے (تصویر 6.20)۔ راس A سے ضلع BC تک بہت سارے قطعہ خط کھینچے جا سکتے ہیں (تصویر 6.21)۔ ان میں سے مثلث کی اونچائی کون سا قطعہ خط ظاہر کرتی ہے؟



(تصویر 6.21)

وہ قطعہ خط جو راس A سے سیدھا کھڑا نیچے BC تک ہو اور اس پر عمودی ہوتا ہے۔ مثلث کی اونچائی ہوتا ہے۔

قطعہ خط A L مثلث کا ایک ارتفاع یا اونچائی (Altitude) ہے۔ ارتفاع کا ایک انتہائی نقطہ مثلث کے ایک راس پر اور دوسرا انتہائی نقطہ ضلع اس راس کے مقابل پر واقع ہوتا ہے۔ ہر ایک راس سے ایک خط ارتفاع کھینچا جا سکتا ہے۔

تصویر 6.21 کو دیکھئے مثلث ABC میں راس A سے ضلع BC پر بہت سارے قطعہ خط کھینچے گئے ہیں۔ غور کیجئے سب سے چھوٹی لمبائی کا قطعہ خط کون ہوگا؟

AL راسؔ سے ضلع BC پر کھینچے گئے مختلف لمبائی کے قطعہ خطوط میں سؔب سے چھوٹا قطعہ خط ہے۔ AL راس A سے ضلع BC پر ڈالا گیا عمود ہے۔

ایک مثلث میں تین خط ارتفاع ہوتے ہیں۔ ہر ایک راس سے سامنے کے ضلع پر ایک ایک خط عمود کھینچا جاسکتا ہے، جو خطوط ارتفاع ہیں۔



(تصویر 6.22)

تصویر 6.22 میں BE، AD اور CF مثلث ABC کے تین خطوط ارتفاع ہیں۔ تینوں خطوط ارتفاع ایک نقطہ پر مل رہے ہیں۔ یہ نقطہ ہی مثلث کا ارتفاعی مرکز (Ortho Centre) ہے۔

خود کر کے دیکھئے:

1- ایک مثلث میں کتنے ارتفاع ہوتے ہیں؟

2- کیا کسی مثلث میں خط وسطانیہ اور مثلث کا خط ارتفاع ایک قطعہ خط ہو سکتا ہے؟

3- مثلث کے خط ارتفاع کا ایک انتہائی نقطہ مثلث کے راس پر ہوتا ہے۔ بتایئے دوسرا انتہائی نقطہ کہاں ہوگا؟

4- کیا کسی مثلث کے دو اضلاع اور اس کے خطوط ارتفاع ہو سکتے ہیں؟ اگر ہاں تو وہ مثلث کیسا ہوگا؟

سوالنامہ : 6.1

1- x کی قیمت معلوم کیجئے۔



2- ایک مثلث زاویۂ قائمہ کا ایک زاویۂ حادہ 35° کا ہے تو دوسرے زاویۂ حادہ کی قیمت معلوم کیجئے۔

3- ایک مثلث متساوی الاضلاع کے تینوں زاویہ کی ناپ کیا ہوگی؟

4- تصویر 6.23 کے مطابق ذیل کے سوالوں کے جواب دیجئے:

(i) y کی قیمت بتایئے۔ (ii) مثلث کی قسم بتایئے۔

(تصویر 6.23)

5- ایک مثلث کا پہلا زاویہ دوسرے اور تیسرے زاویہ کی ناپ کے جوڑ کے برابر ہے اور دوسرے زاویہ اور تیسرے زاویہ کی ناپ برابر ہے۔ اس مثلث کو آپ کیا نام دیں گے؟

نیچے دیئے گئے مثلثوں میں نامعلوم زاویوں کی ناپ معلوم کیجئے:

6-



$\angle C =$ ....

8-



$\angle B =$ ....

$\angle C =$ ....

-8



$\angle A =$ ....

$\angle B =$ ....

-9



$x =$ ....

-10



$\angle A =$ ....

-11 نیچے دیئے گئے مثلثوں کے اندر دکھائی گئی ٹوٹی لائن (Dotted Lines) کے نام لکھئے۔ ساتھ میں وجوہات بھی لکھئے۔

(i)

خط کا نام : زاویہ ناصف (Angle bisector)

وجوہات : ....

....

(ii)



خط کا نام : قاعدہ کا عمودی ناصف
(Perpendicular bisector)

وجوہات : کیوں کہ یہ قاعدہ دو برابر حصوں میں بانٹتا ہے اور قاعدہ پر عمود ہے۔

(iii)



خط کا نام : ....

وجوہات : ....

....

(iv)



خط کا نام : ....

وجوہات : ....

....

12- ایک ایسا مثلث (کچی تصویر) بنائیے۔ جس کے ایک راس سے کھینچا گیا عمود مثلث کے باہر واقع ہو۔
آپ نے کیسا مثلث بنایا؟ مثلث زاویہ حادہ، مثلث زاویہ قائمہ، مثلث زاویہ منفرجہ یا دوسرا؟

13- نیچے ایک مثلث متساوی الاساقین ABC بنائیے، جس میں $AB = AC$ ہو۔ اس مثلث میں درج ذیل خط بنائیے:

(i) زاویہ A کے لیے ناصف (Bisector)

(ii) راس A کے سامنے والے ضلع پر عمود

(iii) راس A کے سامنے والے ضلع پر خط وسطانیہ

اب بتائیے:

(i) کیا یہ سبھی خطوط الگ الگ ہیں یا نہیں؟

(ii) ان خطوط کی کیا خصوصیات ہیں؟

14- ایک مثلث میں کسی ایک زاویہ کا خط ناصف (Bisector) اس کی ایک ارتفاعی خط بھی ہے۔ بتاؤ، مثلث کس طرح کا ہوگا؟ کیسے معلوم کیا؟

15- نیچے دی گئی جدول میں خالی جگہوں کو بھریں:

شمار	△ کا نام	ضلع کی ناپ	زاویہ کی ناپ	باقی زاویوں کی ناپ
-1	△ ABC	$AB = AC = 4cm., BC = 5cm$	$\angle B = 50°$	$\angle C = ...,\angle A = ...$
-2	△ PQR	$PQ = PR = 5cm., QR = 7cm$	$\angle R = ...$	$\angle P = ...,\angle Q = 45°$
-3	△ DEF	$DE = DF = 6cm., FE = 8cm$	$\angle E = ...$	$\angle D = 84°, \angle F = ...$
-4	△ LMN	$LM = MN = NL = 5cm.$	$\angle L = ...$	$\angle M = ...,\angle N = ...$

6.5- مثلث کا غیر مساواتی خاصیت

تصویر 6.24 میں ایک مثلث نما کھیت کے باہر کی طرف سے راستہ ہے۔ اس راستے سے متعلق کچھ سوالوں کے جواب جدول (Table) میں دیجئے۔

آپ کھڑے ہیں	آپ کو جانا ہے	جانے کے راستے		چھوٹا راستہ
		پہلا راستہ	دوسرا راستہ	
نقطہ A پر	نقطہ B پر	AB	AC+CB	AB
نقطہ B پر	نقطہ C پر			
نقطہ C پر	نقطہ A پر			

یہاں مثلث نما کھیت کے باہر کی طرف کے راستے کے بارے میں آپ نے دیکھا کہ:

$AC + CB > AB$

$BA + AC > BC$

$CB + BA > CA$



یہاں BC، AB اور CA اس مثلث نما کھیت کے ضلع ہیں۔

کچھ کریں:

1cm. سے لے کر 10cm. لمبائی کی بانس کی دس کچیاں لیجئے۔ اب ان کچیوں میں کوئی تین کچیاں ملا کر مثلث بنانے کی کوشش کیجئے اور جدول کو پورا کیجئے۔

کوشش کی گنتی	پہلے کماچی کی لمبائی	دوسری کماچی کی لمبائی	پہلی اور دوسری کماچی کی لمبائی کا جوڑ	تیسرے کماچی کی لمبائی	کیا مثلث بن رہا ہے؟
(i)					
(ii)					
(iii)					
(iv)					

ان کوششوں میں آپ نے دیکھا کہ آپ انھیں تین کچیوں سے مثلث بنا پا رہے ہیں۔ جن میں کسی دو کی لمبائی کا جوڑ تیسری کچی سے زیادہ ہے۔

مثال: تین ضلعوں کی ناپ بالترتیب لگ بھگ 2cm.، 3cm. اور 6cm. ہے۔ کیا ان تین ضلعوں سے مثلث بنانا

ممکن ہے؟

یہاں 2cm.+2cm< 6cm.

یعنی دو ضلعوں کا جوڑ تیسری سے کم ہے۔ اس لیے ان تین ضلعوں سے مثلث بنانا ممکن نہیں ہے۔

خود کر کے دیکھیے:

1- بتائیے، نیچے دیئے گئے ضلعوں کی ناپ سے کون کون سے مثلث بنانا ممکن ہے؟

(i)	1cm.,3cm.,6cm	(i)	4cm.,8cm.,9cm
(iii)	3cm.,5cm.,8cm	(iv)	3cm.,4cm.,5cm

6.6- پائتھاگورس مسئلہ

پائتھاگورس ایک یونانی فلسفی تھے۔ ان کی پیدائش چھٹی صدی قبل مسیح ہوئی تھی۔ انھوں نے مثلث زاویۂ قائمہ کے ضلعوں کی لمبائیوں کے بیچ رشتہ قائم کرنے کے لیے ایک مسئلہ کو ثابت کیا، جسے پائتھاگورس مسئلہ کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس مسئلہ کے برابر ایک دوسرے مسئلہ کے بارے میں ہندوستان کے ماہر ریاضیات بودھاین نے سنہ ۱۰۰۰ قبل مسیح میں معلومات فراہم کی۔ ایسا سمجھا جاتا ہے کہ سنہ ۲۰۰۰ قبل مسیح مصر اور بیلون کے باشندوں کو مثلث زاویۂ قائمہ کے ضلعوں کے درمیان رشتہ کے بارے میں معلومات تھی۔ یوکلیڈ (Euclid) نے ۳۰۰ قبل مسیح اپنی شہرت یافتہ کتاب "The Elements" میں اس مسئلہ کو اُجاگر کیا۔ آگے ہم پائتھاگورس مسئلہ کے بارے میں تفصیل سے جانیں گے۔

زاویۂ قائمہ مثلث

زاویہ کی بنیاد پر مثلثوں کی درجہ بندی کرتے وقت ہم نے دیکھا ہے کہ جس مثلث کا ایک زاویہ 90° ہو وہ مثلث زاویۂ قائمہ کہلاتا ہے۔ مثلث زاویۂ قائمہ کے ضلعوں کو خاص نام دیا جاتا ہے۔ زاویۂ قائمہ کے سامنے والے ضلع کو وتر (Hypotenuse) کہتے ہیں، جو کہ تین ضلعوں میں سے سب سے بڑا ضلع ہوتا ہے۔ دوسرے دو ضلعوں کو مثلث کے پاؤں (Legs) کی صورت میں جانتے ہیں۔ ان میں سے ایک قاعدہ (Base)، دوسرا ارتفاع یا اونچائی

(تصویر 6.25)

(Perpendicular) کہا جاتا ہے۔

کچھ کریں:

کسی بھی ناپ کا ایک مثلث زاویۂ قائمہ بنائیے۔ ساتھ ہی اس کے اور 7 متبادل لیجئے۔ اس طرح اب آپ کے پاس ایک ہی ناپ کے 8 مثلث ہیں۔ ان سبھی ضلعوں میں وتر کو a اور دوسرے پاؤں (Legs) کو b اور c مانیں۔



(تصویر 6.27)



(تصویر 6.27)

اب ایک جیسے ناپ کے دو مربع بنائیے، جن کے ضلعوں کی ناپ b+c کے برابر ہو۔ اب 4 مثلث کو پہلے مربع میں اور 4 مثلث کو دوسرے مربع میں تصویر 6.35 کے مطابق قائم کیجئے۔ اب آپ کو معلوم ہے کہ دونوں مربع برابر رقبہ کے ہیں۔ پہلے مربع کا ڈھکا ہوا رقبہ= دوسرے مربع کا ڈھکا ہوا رقبہ۔

$$a^2 = b^2 + c^2$$

اس لیے ہم کہہ سکتے ہیں کہ مثلث زاویۂ قائمہ میں وتر پر بنا مربع دوسرے دو ضلعوں پر بنے مربعوں کے جوڑ کے برابر ہوتا ہے۔ یہی پائتھا گورس مسئلہ ہے۔

خود کر کے دیکھیے:

مختلف ناپوں کے تین مثلث زاویۂ قائمہ بنائیے اور ان کے ضلعوں کی ناپ ذیل جدول کو پورا کیجئے۔

مثلث (i) مثلث (ii) مثلث(iii)

جدول

مثلث کا نام	وتر کی ناپ	پہلا پاؤں ضلع کی ناپ	دوسرے پاؤں ضلع کی ناپ	a^2	b^2	c^2	b^2+c^2	کیا $a^2=b^2+c^2$
1-								
2-								
3-								

یہاں جدول میں ہم نے دیکھا کہ مثلث زاویۂ قائمہ میں $a^2=b^2+c^2$

یعنی زاویۂ مثلث میں وتر کا مربع دوسرے دوضلعوں کے مربعوں کے جوڑ کے برابر ہوتے ہیں۔

2- آیئے اب ذیل کے مثلثوں پر غور کریں:



(تصویر 6.28)

تصویر 6.28 میں بنے تین مثلثوں کے ضلعوں کی ناپ کے مطابق ذیل کے جدول کو پورا کیجئے۔

مثلث کا نام	a^2	b^2	c^2	b^2+c^2	کیا $a^2=b^2+c^2$	ضلع a کے سامنے کے زاویہ کی ناپ	مثلث کی قسمیں
(i)							
(ii)							
(iii)							

3- ایک مثلث کے ضلعوں 6cm. ، 8cm. اور 10cm. لمبی ہے۔ ثابت کیجئے کہ کیا وہ زاویۂ قائمہ مثلث ہے۔

4- ذیل کے مثلثوں میں نامعلوم ضلعوں کی ناپ معلوم کیجئے:



سوالنامہ : 6.2

1- نیچے تین اعداد کا مجموعہ دیا گیا ہے۔ بتایئے کہ کون سا مجموعہ مثلث کے ضلعوں کو ظاہر کرتی ہیں۔

(i) (3, 4, 5) (ii) (2, 3, 4)

(iii) (1, 2, 3) (iv) (1,3, 5)

2- تصویر 6.29 میں O نقطہ مثلث ABC کے اندر واقع ہے۔ بتایئے کہ نیچے دیے گئے اقوال میں کون صحیح ہے اور کون غلط؟

(i) $AO+OB<AB$

(ii) $AO+OC>AC$

(iii) $BO+OC=BC$



(تصویر 6.29)



(تصویر 6.30)

3- تصویر 6.30 میں PQRS ایک ذو اربعۃ الاضلاع ہے۔
تب دکھایئے کہ

$$PQ+QR+RS+SP>PR+SQ$$

4- ایک مثلث کے دو ضلعوں کی ناپ 10 سینی میٹر اور 14 سینٹی میٹر ہے۔ اس مثلث کے تیسرے ضلع کی سب سے کم اور سب سے زیادہ ناپ کی حد فاصل کیا ہوگی؟

5- ABC ایک مثلث ہے جس کا $\angle A$ زاویۂ قائمہ ہے۔ اگر $AB = 10$ سینٹی میٹر $AC = 24$ سینٹی میٹر، تب وتر BC کی قیمت کیا ہوگی؟

6- نیچے دیئے گئے مثلثوں میں سے کون کون سے مثلث ،مثلث قائم الزاویہ ہیں؟ ان کے نیچے صحیح کا نشان (✓) لگایئے۔ ساتھ ہی مثلث کا جو زاویہ قائمہ ہے اسے °90 لکھ کر نشاندہی کیجئے۔



☆ تصویر (i)، (iii)، (iv) اور (vi) کو ضلع کے ناپ کے مطابق مثلث قائم الزاویہ ہیں۔

7- نیچے دیئے گئے حالات میں 'x' اور 'y' کا قیمت نکالیے۔





$x =$ ______ $x =$ ______ $y =$ ______

ہم نے سیکھا

1- مثلث میں تین ضلع، تین زاویہ اور تین راس ہوتے ہیں۔
2- مثلث کے تینوں زاویوں کا جوڑ دو زاویہ قائمہ یعنی 180° ہوتا ہے۔
3- مثلث متساوی الاضلاع کے تینوں ضلعے آپس میں برابر ہوتے ہیں۔
4- مثلث متساوی الساقین کے دو ضلعے برابر ہوتے ہیں۔ اور برابر ضلعوں کے سامنے کے زاویے بھی آپس میں برابر ہوتے ہیں۔
5- مثلث میں کسی ضلع کے وسطی نقطہ کو مخالف راس سے ملانے والے خط کو مثلث کا خط وسطانیہ کہتے ہیں؟ مثلث میں تین خط وسطانیہ ہوتے ہیں۔ تینوں خط وسطانیہ ایک نقطہ پر ملتے ہیں۔ جسے مثلث کا مرکز ثقل (Centroid) کہتے ہیں۔
6- کسی مثلث کے ایک راس سے اس کے مقابل ضلع پر کھینچے گئے عمودی خط کو مثلث کا خط ارتفاع کہتے ہیں۔ مثلث کے تین خط ارتفاع ہوتے ہیں۔ تینوں خط ارتفاع (Altitude) ایک نقطہ پر ملتے ہیں۔ وہ نقطہ مثلث کا ارتفاعی مرکز (Ortho Centre) کہتے ہیں۔
7- کسی مثلث میں دو ضلعوں کی لمبائی کا جوڑ تیسرے ضلع کی لمبائی سے زیادہ ہوتا ہے؟
8- مثلث زاویہ قائمہ میں وتر پر بنا مربع باقی دونوں ضلعوں پر بنے مربعوں کے جوڑ کے برابر ہوتے ہیں۔ یہ مسئلہ پائتھاگورس مسئلہ کے نام سے جانا جاتا ہے۔
9- اگر کسی مثلث میں بڑے ضلع کی لمبائی کا مربع باقی دونوں ضلعوں کی لمبائی کے مربع کے جوڑ کے برابر ہو، تب وہ مثلث مثلث زاویہ قائمہ ہوگا۔

☆ کسی بھی مثلث میں ایک سے زیادہ زاویہ قائمہ یا زاویہ منفرجہ نہیں ہوسکتا۔

باب: 7

مماثلت (Congruency)

تمہید:

(تصویر 7.1)

پایل اپنی تجوری میں رکھے سکّوں کی گنتی کر رہی تھی۔ تبھی اس کا چھوٹا بھائی پلّو وہاں پہنچا اور اس کو گننے میں مدد کرنے لگا۔ پایل نے اسے سکّوں کو چھانٹنے کو کہا۔ اسی درمیان پایل کو اس کی ماں نے کسی کام سے اپنے پاس بلا لیا۔ کام ختم کر جب پایل واپس اپنے بھائی کے پاس لوٹی تو وہ یہ دیکھ کر حیرت زدہ ہوگئی کہ پلّو نے سکّوں کو صحیح ڈھنگ سے چھانٹ کر رکھا تھا۔ اس نے پلّو سے چھانٹنے کا طریقہ پوچھا۔ پلّو نے بتایا کہ میں نے سکّوں کو ایک کے اوپر ایک رکھ کر دیکھا جو سکّے آپس میں ایک دوسرے کو پوری طرح ڈھک رہے تھے، انھیں ایک ساتھ رکھا۔

آپ بھی اپنے آس پاس میں اسی طرح پورے طور سے ایک دوسرے کو ڈھکنے والی چیزوں کو تلاش کیجئے۔

7.1- متماثل شکل اور مماثلت (Congruent Figure and Congruency)

ایک طرح کے دو بلیڈ لیجئے۔ دونوں کو ایک دوسرے پر رکھ کر دیکھئے۔ کیا وہ دونوں ایک دوسرے کو ڈھک لیتے ہیں۔ ایک ہی ساخت کی تاش کے دو پتے لیجئے۔ ایک پتے کو دوسرے کے اوپر رکھئے۔ آپ پائیں گے کہ دونوں بلیڈ اور تاش کے پتے ایک دوسرے کو پوری طرح سے ڈھک لیتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ دونوں پتے یا بلیڈ ایک ہی ساخت اور پیمائش کے ہیں۔ ایسی چیزیں متماثل (Congruent) کہلاتی ہیں۔ اور دو چیزوں کی متماثل ہونے کا تعلق مماثلت (Congruency) کہلاتا ہے۔



(تصویر 7.2)

دو شکلوں کی مماثلت کو ہم نشان $\cong$ سے دکھاتے ہیں۔ اگر A اور B دو شکلیں متماثل ہیں۔ تب ہم $A \cong B$ لکھتے ہیں۔

کچھ کریں:

کسی دو چیزوں کے نام لکھیے ، جو

(الف) ایک دوسرے کو پورا پورا ڈھکتی ہوں ....

....

(ب) ایک دوسرے کو پورا پورا نہیں ڈھکتی ہوں ....

....

-2 اپنی کاپی کے صفحہ کے نیچے کاربن لگایئے اور جس صفحہ کے نیچے آپ نے کاربن لگایا ہے اس صفحہ پر کوئی شکل بنایئے۔ اب بتایئے کاربن کے نیچے والے صفحہ پر بنی ساخت اوپر صفحہ پر بنی ساخت یا شکل کی متماثل ہیں یا نہیں؟

-3 نیچے کچھ شکلوں کے جوڑے دیئے گئے ہیں۔ بتایئے کہ یہ متماثل(Congruent) ہیں یا نہیں؟

(i)



(ii)



(iii)

(iv)



....

7.2 - اقلیدسی شکلوں کی مماثلت

جس طرح ایک تصویر کو اس کی ساخت اور پیمائش میں تبدیل کئے بغیر ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری جگہ رکھ کر ہم نے مماثلت کی جانچ کی، اُسی طرح اقلیدسی شکلوں کو بھی ایک کے اوپر دوسری رکھ کر جانچ کر سکتے ہیں۔ لیکن دھیان رہے کہ ان کی ساخت (پیمائش) اور بناوٹوں میں تبدیلی نہیں کر سکتے ہیں۔ آیئے اب کچھ اقلیدسی شکلوں کی مماثلت کے بارے میں غور کریں۔

7.2.1 - قطعہ خطوط کی مماثلت

نیچے دیئے گئے قطعہ خطوط کے دو جوڑے کو دیکھئے:

(تصویر 7.3)

دونوں جوڑوں میں ایک قطعہ خطوط کو ٹریسنگ پیپر پر ٹریس کر لیجئے اور دوسرے پر رکھ کر دیکھئے کہ کون سے جوڑے متماثل ہیں؟

آپ دیکھیں گے کہ پہلا جوڑا متماثل ہے، جب کہ دوسرا نہیں۔ ان کی لمبائی کی پیمائش کیجئے کہ کس جوڑے کی لمبائی یکساں ہے؟ یہی عمل کچھ اور قطعہ خطوط کے جوڑے کے ساتھ کر کے دیکھئے۔

اگر دو قطعہ خطوط کی لمبائی برابر ہے تو وہ متماثل ہوں گے۔ اسی طرح اگر دو قطعہ خطوط متماثل ہیں تو ان کی لمبائیاں بھی برابر ہوں گی۔

اوپر تصویر 7.3 میں $\overline{AB} = \overline{CD}$ اور $\overline{AB} \cong \overline{CD}$

7.2.2 - زاویوں کی مماثلت



(تصویر 7.4)

اوپر تصویر 7.4 میں چاروں زاویوں کو دیکھئے۔ یہ مختلف پیمائشوں کے ہیں۔ (i) میں بنے زاویے کو ٹریسنگ پیپر (Tracing Paper) پر ٹریس کیجئے اور پھر انطباق کے قاعدہ سے اس ٹریس کئے گئے زاویوں سے باری باری (i)، (iii) اور (iv) میں بنے زاویوں کو ڈھکنے کی کوشش کیجئے۔ مثال کے طور پر دوسرے نمبر کے زاویہ کو ڈھکنے کے لیے سب سے پہلے نقطہ A کو D پر اور $\overline{BA}$ کو $\overline{ED}$ پر رکھئے اور بتایئے، کیا $\overline{BC}$ ، $\overline{EF}$ پر آیا؟ اسی طرح دوسرے دو زاویوں (iii) اور (iv) پر بھی ڈھکنے کی کوشش کیجئے۔ $\angle ABC$ نے $\angle PQR$ کو پوری طرح سے ڈھک لیا۔ یعنی $\angle ABC$ اور $\angle PQR$ متماثل ہیں۔ یہاں ہم نے دیکھا کہ $\angle ABC$ ، $\angle DEF$ اور $\angle XYZ$ کو نہیں ڈھک پایا۔ یعنی $\angle ABC$ ، $\angle DEF$ اور $\angle XYZ$ کے متماثل نہیں ہیں۔ اسے ہم اس طرح بھی لکھ سکتے ہیں۔ $\angle ABC \cong \angle PQR$ اور

$$m\angle ABC = m\angle PQR$$

ہم کہہ سکتے ہیں کہ دو زاویوں کی پیمائش اگر برابر ہوں تو وہ آپس میں متماثل ہوتے ہیں اگر دو زاویے متماثل ہوں تو ان کی پیمائش برابر ہوتی ہیں۔

کیا آپ ایسے زاویوں کا جوڑا بنا سکتے ہیں، جن کے ضلع کی پیمائش برابر نہیں ہو پھر بھی وہ متماثل ہوں۔ آیئے اب تصویر 7.5 میں بنے زاویوں پر غور کریں۔

$\angle PQR$ کو جب $\angle ABC$ پر منطبق کرتے ہیں تب شعاع $\overline{QP}$ شعاع $\overline{BA}$ پر اور شعاع $\overline{QR}$ شعاع $\overline{BC}$ پر پڑتی ہے لیکن شعاع $\overline{QR}$ شعاع $\overline{BC}$ کو پوری طرح نہیں ڈھک پاتی ہے اور شعاع $\overline{BC}$ زیادہ لمبی معلوم ہوتی ہے۔ اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ $\angle ABC$ ، $\angle PQR$ سے بڑا ہے۔ لیکن $\overline{BC}$ صرف زاویہ کی سمت کو بتلاتا ہے، لمبائی کو نہیں۔ یہاں زاویوں کی پیمائش یکساں ہے۔ اس لیے $\angle PQR$ ، $\angle ABC$ کے متماثل ہیں یعنی $\angle PQR \cong \angle ABC$ ۔ اس لیے زاویوں کی مماثلت صرف ان کی پیمائشوں کی برابر پر منحصر ہے۔



(تصویر 7.5)

7.2.3- مثلثوں کی مماثلت



(تصویر 7.6)

تصویر 7.6 میں بنے دونوں مثلث کو غور سے دیکھئے۔ یہ دونوں مثلث برابر ساخت اور یکساں شکل کے ہیں۔ $\angle ABC$ کو ٹریسنگ پیپر پر ٹریس کر $\angle PQR$ پر منطبق کیجئے۔ کیا $\angle ABC$ اور $\angle PQR$ ایک دوسرے کو آپس میں پوری طرح ڈھک لیتے ہیں۔ اگر ہاں تو دونوں مثلث متماثل ہیں۔ اسے اس طرح لکھیں گے:

$$\angle ABC \cong \angle PQR$$

یہاں $\angle ABC$ کو $\angle PQR$ پر بالمقام کرتے وقت آپ نے راس P کے اوپر راس A، راس Q کے اوپر راس B اور راس R کے اوپر راس C کو رکھا تھا، جس سے $\angle P$ پر $\angle A$، $\angle Q$ پر $\angle B$، $\angle R$ پر $\angle C$ بالمقام ہوئے اور ضلع $\overline{PQ}$ پر ضلع $\overline{AB}$، ضلع $\overline{QR}$ پر ضلع $\overline{BC}$ اور ضلع $\overline{RP}$ پر ضلع $\overline{CA}$ بالمقام ہوگی۔ یہ سبھی راس، زاویہ اور اضلاع دونوں مثلثوں کے نظیری حصے ہیں۔ اسے ہم اس طرح ظاہر کرتے ہیں:

نظیری راس	A اور P، B اور Q، C اور R
نظیری مثلث	$\angle A$ اور $\angle P$، $\angle B$ اور $\angle Q$، $\angle C$ اور $\angle R$
نظیری اضلاع	$\overline{AB}$ اور $\overline{PQ}$، $\overline{BC}$ اور $\overline{QR}$، $\overline{CA}$ اور $\overline{RP}$

7.2.4- دو مربعوں کی مماثلت

(تصویر 7.7)

سبھی مربع کی ساخت ایک ہی طرح کے ہوتے ہیں۔ مربعوں کی ناپ کا تعین ان کی ضلع کی لمبائی سے ہوتا ہے۔ اس لیے دو مربع آپس میں ایک دوسرے کو پوری طرح تبھی ڈھکے گا جب دونوں کے ضلع برابر ناپ کے ہوں۔ تصویر 7.7 میں دونوں مربعوں کے ضلع یکساں ناپ کے ہیں۔ اس لیے دونوں متماثل ہیں۔
لہٰذا دو مربع متماثل ہوں گے اگر ان کے ضلع یکساں ناپ کے ہوں۔

7.2.5 - دو مستطیلوں کی مماثلت



(تصویر 7.8)

مستطیل کی ساخت اور ناپ کا تعین اس کی لمبائی اور چوڑائی سے ہوتا ہے۔ اگر دو مستطیلوں کی لمبائی اور چوڑائی برابر ہوں تو وہ ایک دوسرے کو پوری طرح سے ڈھک لیں گے۔ یعنی وہ ساخت اور ناپ میں بھی برابر ہوں گے۔ تصویر 7.8 میں دونوں مستطیل کی لمبائی اور چوڑائی برابر ہیں۔ وہ ساخت اور ناپ میں بھی برابر ہیں۔ اس لیے یہ ایک دوسرے کو پوری طرح سے ڈھک لیتے ہیں۔ اس لیے دونوں مستطیل متماثل ہیں۔ اس طرح ہم کہہ سکتے ہیں کہ دو مستطیل تبھی متماثل ہوں گے، جب ان کی لمبائی اور چوڑائی برابر ناپ کے ہوں۔
لہٰذا دو مستطیل متماثل ہوں گے اگر ان کی لمبائی اور چوڑائی یکساں ناپ کے ہوں۔

7.2.6 - دائروں کی مماثلت



(تصویر 7.8)

سبھی دائرے ساخت میں یکساں ہوتے ہیں۔ ان کی پیائش کا تعین نصف قطر (Radius) سے ہوتا ہے۔ جس دائرہ کا نصف قطر جتنا زیادہ ہوگا اس کی پیائش بھی اتنی ہی زیادہ ہوگی۔ یہاں تصویر 7.9 میں دو یکساں نصف قطر والے دائرے ہیں۔ اگر پہلے دائرہ کو ٹریس کر دوسرے پر منطبق کیا جائے تو دونوں ایک دوسرے کو پوری طرح سے ڈھک لیں گے۔ اس لیے دونوں دائرے متماثل ہیں۔

دو دائرہ متماثل ہوں گے، اگر ان کا نصف قطر برابر ہو۔

سوالنامہ : 7.1

1- (i) تصویر 7.10 میں متماثل قطعہ خط کو الگ کیجئے۔ (آپ ٹریس کر کے دیکھئے)



(تصویر 7.10)

(ii) متماثل قطعہ خطوط کو ناپئے۔ ان کی ناپ کے بارے میں آپ کیا کہہ سکتے ہیں؟

2- (i) نیچے دی گئی تصویر میں متماثل زاویوں کو الگ کیجئے۔ (زاویوں کو ٹریس کر کے معلوم کیجئے)



(تصویر 7.11)

(ii) ان میں سے متماثل زاویوں کو ناپئے۔ آپ ان کی ناپ کے بارے میں کیا کہہ سکتے ہیں؟

3- $\angle ABC$ اور $\angle DEF$ متماثل ہیں۔ اگر $\angle ABC$ کی ناپ $70°$ ہو تو $\angle DEF$ کی ناپ کیا ہوگی؟

4- نیچے دیئے گئے متماثل مثلثوں کے ہر ایک جوڑے میں نظیری اضلاع اور نظیری زاویے بتایئے :

(i) $\triangle XYZ \cong \triangle ABC$



ضلع	زاویہ
$XY \leftrightarrow$	$\angle X \leftrightarrow$
$YZ \leftrightarrow$	$\angle Y \leftrightarrow$
$XZ \leftrightarrow$	$\angle Z \leftrightarrow$

(ii) $\triangle ABC \cong \triangle ABD$



$AB \leftrightarrow$	$\angle ABC \leftrightarrow$
$BC \leftrightarrow$	$\angle BCA \leftrightarrow$
$AC \leftrightarrow$	$\angle BAC \leftrightarrow$

(iii) $\triangle ABD \cong \triangle CBD$



$AB \leftrightarrow$	$\angle ABD \leftrightarrow$
$BD \leftrightarrow$	$\angle BDA \leftrightarrow$
$AD \leftrightarrow$	$\angle DAB \leftrightarrow$

5- دو مربع جن کی اضلاع برابر ہیں کیا وہ متماثل ہوں گے؟

6- ایک مستطیل کی لمبائی 10 سینٹی میٹر اور چوڑائی 8 سینٹی میٹر ہے اور دوسرے مستطیل کی لمبائی 12 سینٹی میٹر اور چوڑائی 8 سینٹی میٹر ہے۔ دونوں مستطیل کو متماثل کرنے کے لیے پہلے مستطیل کی لمبائی کو کتنا بڑھانا پڑے گا؟

7- تصویر 7.12 میں بنے دو دائرے کیا متماثل ہوں گے۔ اگر ہاں تو کیوں؟

(تصویر 7.12)



7.3- دو مثلثوں کے متماثل ہونے کی شرط

جب دو مثلث متماثل ہوتے ہیں تو ان کے نظیری اضلاع اور نظیری زاویے آپس میں برابر ہوتے ہیں۔ اُسی طرح دو مثلثوں کے نظیری اضلاع اور نظیری زاویے آپس میں برابر ہوں تو دونوں مثلثوں متماثل ہوتے ہیں۔

تصویر 7.13 میں دو مثلث ABC اور PQR دیئے گئے ہیں جو متماثل ہیں۔



تب $\overline{AB} = \overline{PQ}, \overline{BC} = \overline{QR}, \overline{AC} = \overline{PR}$

اور $\angle ABC = \angle PQR, \angle BCA = \angle QRP$

اور $\angle CAB = \angle RPQ$ ہوگا۔

اسی طرح تصویر 7.14 میں

$\overline{AB} = \overline{DE}, \overline{BC} = \overline{EF}, \overline{CA} = \overline{FD}$

$\angle ABC = \angle DEF, \angle BCA = \angle EFD$

اور $\angle EAB = \angle FDE$ ہے

تب $\triangle ABC = \triangle DEF$



(تصویر 7.14)

اسی طرح دو مثلثوں میں مماثلت کے لیے ضروری حصوں میں دونوں مثلثوں کے تینوں زاویے اور تینوں اضلاع شامل ہوتے ہیں۔

غور کیجئے قطعہ خط، زاویے، مربع، مستطیل اور دائرہ کی طرح دو مثلث کی مماثلت ظاہر کرنے کے لیے یا دکھانے کے لیے مثلث کے سبھی 6 حصوں میں برابری دکھانی ہوگی یا کچھ حصہ سے کام چل جائے گا۔ آیئے اسے کر کے دیکھیں۔

کچھ کریں:



(تصویر 7.15)

یہاں تصویر 7.15 میں ایک مثلث (Triangle) بنایا گیا ہے اور اس کے سبھی 6 حصوں (تین اضلاع اور تین زاویے) کی ناپ کو بھی دکھایا گیا ہے۔ آپ باری باری سے ان کی ناپ کو لے کر دیکھیں کہ کم سے کم کتنے حصوں کی برابری

کے بعد اس کے متماثل ایک مثلث بنایا جا سکتا ہے؟

1- ایک ضلع کی ناپ برابر لے کر



(تصویر 7.16)

تصویر 7.16 کی طرح کئی قسم کے مثلث بنائے جا سکتے ہیں۔ لیکن وہ △ABC کے متماثل ہوں ضروری نہیں۔

2- دو ضلعوں کی برابر ناپ لے کر



(تصویر 7.17)

یہاں بھی کئی طرح کے مثلث بنائے جا سکتے ہیں۔ لیکن وہ △ABC کے متماثل ہوں، ضروری نہیں ہے۔

3- تین ضلعے برابر لے کر



(تصویر 7.18)

تصویر 7.18 میں اس طرح کا ایک ہی مثلث بنایا جا سکتا ہے جو ساخت اور ناپ میں △ABC کے برابر ہوگا۔ اس لیے یہ متماثل مثلث ہوگا۔ یہ ضلع ضلع ضلع (SSS) مماثلت کی شرط کہلاتا ہے۔

4- ایک ضلع اور ایک زاویہ کی ناپ برابر لے کر



(تصویر 7.19)

اس حالت میں بھی کئی مثلث بنائے جا سکتے ہیں، جو ABC کے متماثل ہوں۔ یہ ضروری نہیں۔

5- دو ضلع اور ایک زاویہ برابر لے کر



(تصویر 7.20)

اگر دو ضلع اور کوئی ایک زاویہ برابر لیتے ہیں، تب ضروری نہیں ہیں کہ بننے والے مثلث متماثل ہی ہو۔ لیکن جب دو ضلع اور ان کے بیچ بننے والا زاویہ برابر لیتے ہیں، تب بننے والا مثلث متماثل ہوتا ہے۔ جیسا تصویر 7.20 کے (i) میں بنایا گیا ہے۔ یہ ضلع - زاویہ - ضلع (SAS) مماثلت شرط کہلاتا ہے۔

6- ایک ضلع اور دو زاویے برابر ہوں



(تصویر 7.21)

اس کے مطابق جتنے بھی مثلث بنیں گے ان سب کی ساخت اور ناپ تصویر 7.21 میں بنے مثلث کی طرح ہی ہوگا اور اس طرح بنا مثلث ABC کا متماثل ہوگا۔ یہ زاویہ - ضلع - زاویہ (ASA) مماثلت شرط کہلاتا ہے۔

7- ایک زاویہ کی ناپ برابر رکھ کر



(تصویر 7.22)

یہاں بھی کئی طرح کے مثلث بنائے جا سکتے ہیں۔ جو $\triangle ABC$ کے متماثل نہیں ہیں۔

8- تین زاویوں کی ناپ برابر رکھ کر

چونکہ ہم جانتے ہیں کہ دو مثلثوں میں دو زاویہ باہم برابر رہنے پر تیسرا اپنے آپ برابر ہو جاتا ہے۔ اس لیے دو زاویے کی ناپ برابر رکھنے کا مطلب اپنے آپ تین زاویوں کی ناپ برابر رکھنا ہوتا ہے۔



(تصویر 7.23)

یہاں بھی کئی طرح کے زاویے بنائے جا سکتے ہیں، جو شکل میں تو $\triangle ABC$ کے برابر ہیں لیکن ساخت میں برابر نہیں ہیں۔ اس لیے وہ متماثل نہیں ہیں۔

9- مثلث میں مماثلت زاویۂ قائمہ

دو مثلث زاویۂ قائمہ کی حالت میں مماثلت کو مناسب طور پر خاص دھیان دینا ہوتا ہے۔ ایسے مثلثوں میں زاویۂ قائمہ پہلے سے ہی برابر ہوتے ہیں۔ اس لیے مماثلت کی شرط آسان ہو جاتی ہے۔

کیا آپ ایک $\triangle ABC$ بنا سکتے ہیں، جس میں $\angle B = 90°$ ہو (تصویر 7.24) میں دکھایا گیا ہے۔ اگر


(تصویر 7.24)

(i) صرف ضلع BC معلوم ہو۔

(ii) صرف $\angle C$ معلوم ہو۔

(iii) صرف $\angle A$ اور $\angle C$ معلوم ہو۔

(iv) ضلع AB اور BC معلوم ہو۔

(v) وتر AC اور AB یا BC میں سے ایک ضلع معلوم ہو۔

ان کے خاکے بنانے کی کوشش کیجئے۔ آپ دیکھیں گے کہ (iv) اور (v) مثلث بنانے میں آپ کی مدد کرتے ہیں۔ لیکن حالت (iv) عام طور سے SAS مماثلت شرط ہی ہے۔ حالت (v) میں کچھ نئی صورت حال ہے۔ یہ درج ذیل مماثلت شرط کی جانب پیش قدمی کرتا ہے۔

RHS مماثلت کی پابندی

اگر ایک مطابقت کے تحت کسی مثلث زاویۂ قائمہ کا وتر اور ایک ضلع سلسلہ وار کسی دوسرے مثلث زاویۂ قائمہ کے وتر اور ایک ضلع کے برابر ہو، تو وہ مثلث متماثل ہوتے ہیں۔

ہم اسے RHS مماثلت کیوں کہتے ہیں؟ اس کے بارے میں غور وفکر کیجئے۔

اوپر کی نوعملیات کے تحت ہم دو مثلثوں کے متماثل ہونے کی شرطوں کو ہم درج ذیل طریقوں سے جدول میں رکھ سکتے ہیں۔

نمبر شمار	دو مثلثوں کے متماثل ہونے کی شرط	شرط کی وضاحت	شرط کی مثال
-1	ضلع-ضلع-ضلع شرط(SSS)	اگر ایک مثلث کی تینوں اضلاع دوسرے مثلث کی تینوں اضلاع کی ناپ کے برابر ہو، تب دونوں مثلث متماثل ہوں گے	$\overline{AB} = \overline{DE}, \overline{BC} = \overline{EF}, \overline{AC} = \overline{DF}$ تب $\triangle ABC \cong \triangle DEF$

-2	ضلع-زاویہ-ضلع شرط(SAS)	اگر ایک مثلث کے دو ضلعے اور ان سے بنے زاویے، دوسرے مثلث کی دو ضلعے اور ان سے بنے زاویے کے برابر ہوں تو دونوں مثلث متماثل ہوں گے۔	 $\overline{AB} = \overline{DE}, \overline{BC} = \overline{EF}$ $\triangle ABC \cong \triangle DEF$ تب $\angle B = \angle E$
-3	زاویہ-ضلع-زاویہ شرط(ASA)	اگر ایک مثلث کے دو زاویے اور ان کے مشترک دوسرے مثلث کے دو زاویے اور ان کے مشترک کے برابر ہوں تو دونوں مثلث متماثل ہوں گے۔	 $\angle A = \angle D, \angle B = \angle E, \overline{AB} = \overline{DE}$ $\triangle ABC \triangle DEF$ تب
-4	زاویۂ قائمہ-دوہندسہ-ضلع شرط(RHS)	دو زاویۂ قائمہ مثلثوں میں سے ایک مثلث کا دو وتر اور ایک ضلع، دوسرے مثلث کے وتر اور کوئی ایک دوسرے ضلع کے برابر ہوتو دونوں مثلث متماثل ہوں گے۔	 $\angle B = \angle E = 90°$ $\overline{AC} = \overline{DF}, \overline{BC} = \overline{EF}$ $\triangle ABC \cong \triangle DEF$

سوالنامہ : 7.2

-1 ذیل میں آپ کون سی مماثلت کی شرائط کا استعمال کریں گے؟



(i) دیا ہے: $PQ = XY, QR = YZ, PR = XZ$

اس لیے $\triangle ABC \cong \triangle DEF$



(ii) دیا ہے: $AB = LM, AC = NL$

$\angle BAC = \angle MLN$

اس لیے $\triangle ABC \cong \triangle LMN$



(iii) دیا ہے: $MN = PQ$

$\angle MON = \angle POQ$

اس لیے $\angle ONM = \angle OPQ$



(iv) دیا ہے: $\angle ADB = \angle ADC = 90°$

$AD = AD$

$AB = AC$

اس لیے $\triangle ABD \cong \triangle ACD$

-2 تصویر میں بنے دو مثلث $\triangle ABC$ اور $\triangle DEF$ آپس میں مماثلت دکھاتے ہیں؟ تو درج ذیل مرحلوں کے لیے خالی جگہوں میں وجہ لکھئے:



	ترتیب	وجوہات
(i)	$AC = FD$	
(ii)	$\angle BAC = \angle FDE$	
(iii)	$\angle ACB = \angle EFD$	

-3 دی گئی تصویر میں ایک قاعدہ AB پر بنے دو مثلث ABC اور ADB میں ضلع $BC=AD$، $AC=BD$

تب بتایئے کون سا قول صحیح ہے؟



(i) $\triangle ABC \cong \triangle ABD$

(ii) $\triangle ABC \cong \triangle ADB$

(iii) $\triangle ABC \cong \triangle BAD$



-4 دی گئی تصویر میں دکھایئے کہ کیا

$\triangle DBA \cong \triangle BDC$ (آپ اضلاع کو ناپ سکتے ہیں)



-5 دی گئی تصویر میں $\triangle ABC$ میں $\angle C = 35°$، $\angle A = 40°$ اور ضلع $AB = 2.5$ سینٹی میٹر ہے اور $\triangle DEF$ میں $\angle E = 105°$، $\angle F = 35°$ اور ضلع $DE = 2.5$ سینٹی میٹر تو بتایئے کیا $\triangle ABC \cong \triangle DEF$

-6 (i) ضلعوں کو ناپ کر ناپ لکھئے:



(ii) نیچے دیئے گئے برابر ناپ کے ضلعوں والے مثلثوں کے زاویوں کی پیمائش کیجئے۔ آپ بھی اسی طرح ایک ہی ناپ اور نظیری زاویہ والے مثلث اپنی کاپی میں بنایئے اور بتایئے کہ دونوں میں سے کون سے مثلث ہمیشہ مماثلت ہوتے ہیں۔



7- نیچے دی گئی تصویروں میں متماثل مثلثوں کے جوڑے پہچان کر لکھئے۔ اس میں سے ایک مثلث کے اضلاع، زاویے، ان کے نظیری اضلاع اور زاویے متماثل مثلث میں سے الگ کر کے لکھئے۔



(i) (ii)

8- نیچے کچھ متماثل مثلثوں کے جوڑے دیئے گئے ہیں۔ یہ کس قاعدے کے مطابق متماثل ہیں، لکھئے۔

(i)



(ii)

(iii)



9- نیچے دو مثلث دیئے گئے ہیں، دیکھ کر بتاؤ کیا یہ متماثل ہیں؟ ہاں یا نہیں۔



اپنے جواب کی وجہ بھی بتائیے۔ (دونوں مثلثوں کے بھی اضلاع اور زاویے کو ناپیے اور دیکھئے کہ آپ کس نتیجے پر پہنچے؟)

-10 نیچے دی گئی ہر تصویر میں دیئے گئے مثلثوں کے مماثلت ہونے کی جانچ کیجئے اور ان کے مماثلت ہونے یا نہیں ہونے کی وجوہات بھی لکھیے۔

(i) کیا $□BAC \cong □CDB$؟ (ii) $□RPQ \cong □RST$؟





ہم نے سیکھا

-1 دو بناوٹیں جب ساخت اور ناپ میں برابر ہوں تو وہ متماثل ہوتی ہیں۔

-2 دو برابر لمبائی کے قطعہ خط آپس میں متماثل ہوں گے۔

-3 دو زاویہ متماثل ہوں گے اگر وہ برابر کے ناپ کے ہوں۔

-4 دو مربع متماثل ہوتے ہیں۔ اگر ان کے اضلاع برابر لمبائی کے ہوں۔

-5 دو مستطیل متماثل ہوتے ہیں اگر لمبائی اور چوڑائی آپس میں برابر ہوں۔

-6 دو دائرے متماثل ہوتے ہیں اگر ان کے نصف قطر برابر ناپ کے ہوں۔

-7 دو مثلث مماثلت ہوتے ہیں۔ اگر

(i) اُن کی تین اضلاع آپس میں برابر ہوں۔(SSS)

(ii) اگر دو اضلاع اور بیچ کا زاویہ دوسرے مثلث کی دو اضلاع اور ان کے بیچ زاویہ کے برابر ہوں۔ (SAS)

(iii) اگر دو زاویہ اور ان کے بیچ کا ضلع دوسرے مثلث کے دو زاویے اور ان کے بیچ کے ضلع کے برابر ہوں۔ (ASA)

(iv) دو مثلث زاویۂ قائمہ متماثل ہوتے ہیں اگر ایک مثلث کا وتر اور ایک ضلع دوسرے مثلث کے وتر اور ان کے ضلع کے برابر ہوں۔ (RHS)

باب: 8

قوت نما (Power)

8.1: تمہید

آپ سبھی جانتے ہیں کہ شطرنج کے کھیل کی ایجاد ہندوستان میں ہوئی تھی۔ اس سے جڑی ایک دلچسپ کہانی اس طرح ہے۔ جب یہاں کے راجا کو معلوم ہوا کہ اس دانشمندانہ کھیل کا موجد انھیں کی ریاست کا ایک دانشور ہے۔ تو موجد کو بلا کر راجا نے کہا۔ میں تمھارے اس انوکھے ایجاد کے لیے تمھیں انعام دینا چاہتا ہوں۔ اسے سن کر اس دانشور نے اپنا سر جھکا دیا۔

راجا نے کہا۔ میرے پاس بے پناہ دولت ہے۔ میں تمھاری کوئی بھی خواہش پوری کر سکتا ہوں۔ مانگو جو تمھاری خواہش ہو۔ ڈرو مت۔

دانشور نے کہا۔ بادشاہ سلامت آپ کی فیاضی عظیم ہے۔ آپ مجھے شطرنج کے پہلے خانہ کے لیے گیہوں کا ایک دانہ دینے کا حکم صادر کیجیے۔ دوسرے خانہ کے لیے دو دانہ دینے، تیسرے خانہ کے لیے 4، چوتھے خانہ کے لیے 8، پانچویں خانہ کے لیے 16، آٹھویں گھر کے لیے 32 ..... بس کرو ..... راجا نے غصہ ہو کر اسے بیچ میں روک دیا۔

تمھیں شطرنج کے پورے 64 خانے کے لیے دانہ مل جائیں گے۔ ہر گھر میں دانے کی تعداد پچھلے گھر سے دوگنی ہونی چاہیے۔ یہی تمھاری شرط ہے نا۔ پھر بھی یہ جان لو کہ اتنا چھوٹا انعام مانگ کر تم ہماری فیاضی و سخاوت کی توہین کر رہے ہو۔

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ 64 ویں خانے میں راجا کے کتنے دانے دینے پڑیں گے؟

گنتی بہت بڑی ہوتی جا رہی ہے۔ لیکن دلچسپ بات یہ ہے کہ یہاں 2 کا 2 کے ساتھ بار بار ضرب کرنا پڑ رہا ہے۔ جیسے:

پہلے خانہ میں دانہ	:	1
دوسرے خانہ میں دانہ	:	2
تیسرے خانہ میں دانہ	:	2×2

چوتھے خانہ میں دانہ : $2\times2\times2$

پانچویں خانہ میں دانہ : $2\times2\times2\times2$

چھٹے خانہ میں دانہ : $2\times2\times$ ...... 5 بار

.... : ....

.... : ....

اسی طرح

چوسٹھویں خانہ میں دانہ : $2\times2\times$ ...... 63 بار

یقیناً یہ عدد بہت بڑا ہوگا۔ لیکن کیا آپ کہانی کا اختتام جاننا نہیں چاہیں گے؟ کیا راجا موجد کو یہ انعام و اکرام دے سکا؟ موجد کو 9223372036854775808 دانے گیہوں کے دینے پڑیں گے اور پوری زمین پر اگر گیہوں کی کھیتی کی جائے تب بھی اتنا گیہوں نہیں ملے گا۔ اب آپ ہی سوچئے کہ یہ ہے نا ایک بہت بڑا عدد۔

$2\times2\times$ .... 63 بار کرنے پر کتنا بڑا عدد حاصل ہوگا؟ تو کیا کسی عدد میں اُسی عدد سے بار بار ضرب کرنے کے عمل کو لکھنے کا کوئی اور طریقہ نہیں ہے؟

8.2 - قوت نما یا قوت (Exponent or Power)

جماعت کے سبھی طلبا یہی سوچ رہے تھے کہ کسی عدد کا اس عدد کے ساتھ ضرب کرنے کے عمل کا استعمال ریاضی میں اور کہاں کیا گیا ہے؟

تبھی رسیدہ نے ہمانشو سے کہا۔ ''ہم رقبہ نکالنے میں اکائی کو سیمی × سیمی = سیمی^2 لکھتے ہیں۔ اسی طرح حجم نکالتے وقت بھی اکائی کو سیمی × سیمی × سیمی = سیمی^3 لکھتے ہیں۔ کیا اسی طرح $2\times2\times2$ کو 2^3 نہیں لکھا جا سکتا ؟

رسیدہ نے کسی عدد کو اُسی عدد سے بار بار ضرب کرنے کو مختصر صورت میں لکھنے کا ٹھیک طریقہ بتایا۔ کیا آپ $5\times5\times5\times5\times5\times5$ کو اختصار میں لکھ سکتے ہیں؟

جس طرح $5^6 = 5\times5\times5\times5\times5\times5$ ہے۔

اسی طرح $a = a\times a\times a\times a\times a\times a$

اور $x^4 = x\times x\times x\times x$ ہوتا ہے۔

آپ بھی کسی عدد کا اُسی عدد کے ساتھ بار بار ضرب کو اختصار میں لکھئے :

(i) $x \times x \times x \times x \times x \times x \times x \times x \times x \times x \times x \times x \times x \times x \times x \times x$ = ...

(ii) $r \times r \times r \times r \times r$ = ...

(iii) $17 \times 17 \times 17 \times 17 \times 17 \times 17 \times 17 \times 17 \times 17$ = ...

(iv) $101 \times 101 \times 101 \times 101 \times 101$ = ...

کسی عدد کا اُسی عدد کے ساتھ بار بار ضرب کرنے کو آپ اختصار میں لکھنا سیکھ چکے ہیں۔ اس مختصر صورت کو ہم قوت نمائی علامت بھی کہتے ہیں۔ آیئے دیکھیں کہ انھیں کس طرح سے پڑھا جاتا ہے۔

یہاں 10^3 میں 10 قاعدہ Base اور '3' قوت نما (Exponent Index) کہلاتا ہے

10^3 اسے 10 کے اوپر قوت نما 3 پڑھا جاتا ہے۔ ساتھ ہی "10 کی تیسری قوت نما" بھی کہتے ہیں۔

10^3 کو 1000 کا قوت نمائی صورت (Exponential Form) کہا جاتا ہے۔ یعنی 1000 کو قوت نما کا استعمال کر کے مختصر شکل (10^3) میں لکھ سکتے ہیں۔

کچھ قوت نما کے خاص نام بھی ہیں :

جیسے : 5^2 جو 5 کے اوپر قوت نما ہے، اسے 5 کا مربع (5 Squared) بھی پڑھا جاتا ہے۔

5^3 جو 5 کے اوپر قوت نما ہے، اسے 5 کا مکعب (5 Cubed) بھی پڑھا جاتا ہے۔

خود کر کے دیکھئے :

نیچے لکھے عبارتوں کی بنیاد اور قوت نما کو ان کے سامنے دیئے گئے جگہوں میں لکھئے :

3^5 میں قاعدہ = 3 اور قوت نما = ۵

7^{19} میں قاعدہ = ... اور قوت نما = ...

x^a میں قاعدہ = ... اور قوت نما = ...

p^q میں قاعدہ = ... اور قوت نما = ...

x^y میں قاعدہ = ... اور قوت نما = ...

اب آپ سمجھ چکے ہوں گے کہ قوت نمائی صورت میں لکھنے کا خاص طور سے مقصد کسی بہت بڑے عدد کو مختصر صورت میں لکھنا ہے۔

جیسے سورج سے زمین کی دوری 150000000 کیلو میٹر ہے جو ایک بہت بڑا عدد ہے۔ اسے ذیل کے طریقوں سے لکھ سکتے ہیں:

150000000 کیلو میٹر = $15\times10^7 = 15\times10\times10\times10\times10\times10\times10\times10$ کیلومیٹر

بڑی شکل کو چھوٹی شکل یعنی اختصار میں لکھنا تو آپ سیکھ چکے ہیں۔ اب کچھ قوت نمائی صورت کو پہلی شکل طویل شکل میں لکھیے:

1. $a^5 \quad = \quad a\times a\times a\times a\times a$
2. $3^6 \quad =$
3. $5^5 \quad =$
4. $r^7 \quad =$
5. $2^m \quad =$

رحیم کو یہ سمجھ میں نہیں آ رہا تھا کہ وہ 2^m کو طویل شکل میں کیسے لکھیں؟ کیوں کہ m کی کوئی طے شدہ قیمت نہیں ہے۔ کیا آپ کے پاس رحیم کے مسئلہ کا جواب ہے؟

پہلے بھی آپ نے دیکھا ہے کہ شطرنج کے 64 ویں خانہ میں راجا کو ......$2\times2\times2\times$، 63 بار یعنی 2^{63} دانے گیہوں کے دانے دینے تھے۔

$2^m = 2\times2\times2\times.....m$ بار لکھ سکتے ہیں۔

اسی طرح ہم x^m اور y^n کو درج ذیل طریقوں سے لکھ سکتے ہیں۔

$y^m = x\times x\times x\times.....m$ بار اور

$y^n = y\times y\times.....n$ بار لکھ سکتے ہیں۔

کسی عدد کی قوت نمائی صورت اس کے غیر منقسم اجزائے ضربی کی قوت نما کے حاصل ضرب کی شکل میں ظاہر کیا جا سکتا ہے۔ مثال کے طور پر $1000 = 2\times2\times2\times5\times5\times5$...... (غیر منقسم اجزائے ضربی) $= 2^3\times5^3$ (غیر مقسوم اجزائے ضربی کی قوت نما کے حاصل ضرب والی شکل)

مثال: -1 64 کو 2 کی قوت نما کی شکل میں لکھیے۔

حل: $64 = 2\times2\times2\times2\times2\times2$

اس لیے ہم کہہ سکتے ہیں کہ $64 = 2^6$

مثال:2- 8^2 اور 2^8 میں کون بڑا ہے؟

حل: $8^2 = 8\times8 = 64$

$2^8 = 2\times2\times2\times2\times2\times2\times2\times2 = 256$ ہے۔ ظاہراً $2^8 > 8^2$

مثال:3- (1^6) کی قیمت معلوم کیجئے۔

$(1^6) = 1\times1\times1\times1\times1\times1 = 1$ (حقیقت میں 1 کا کوئی بھی قوت نما 1 کے برابر ہوتا ہے)

مثال:4- مندرجہ ذیل اعداد کو غیر مقسوم اجزائے ضربی کی قوت نما کے حاصل ضرب کی شکل میں لکھئے:

(i) 144 (ii) 216

(i) $144 = 72\times2$
$= 36\times2\times2$
$= 18\times2\times2\times2$
$= 9\times2\times2\times2\times2$
$= 3\times2\times2\times2\times2\times2$
$= 3^2\times2^4$ (مطلوب شکل)

(.i) $216 = 108\times2$
$= 54\times2\times2$
$= 27\times2\times2\times2$
$= 9\times3\times2\times2\times2$
$= 3\times3\times3\times2\times2\times2$
$= 3^3\times2^3$ (مطلوب شکل)

بنیاد منفی عدد صحیح بھی ہو سکتا ہے۔

جیسے: $-8 = (-2)\times(-2)\times(-2) = (-2)^3$ ہے۔

$16 = (-2)\times(-2)\times(-2)\times(-2) = (-2)^4$ ہے۔

ظاہر ہے کہ قاعدہ منفی عدد صحیح ہونے پر جب قوت نما طاق عدد ہو تو قیمت منفی عدد صحیح حاصل ہوتا ہے اور جب قوت نما جفت عدد ہو تو قیمت مثبت عدد صحیح حاصل عدد ہوتا ہے۔

مثال:5- مندرجہ ذیل کی قیمت (Value) معلوم کیجئے۔

(i) $(-1)^5$ (ii) $(-1)^4$ (iii) $(-10)^4$ (iv) $(-5)^3$

حل: (i) $(-1)^5 = (-1)\times(-1)\times(-1)\times(-1)\times(-1) = -1$

(ii) $(-1)^4 = (-1)\times(-1)\times(-1)\times(-1) = +1$

$(-10)^4 = (-10)\times(-10)\times(-10)\times(-10) = 100\times(-10)\times(-10)$ (iii)

$= 100\times100 = 10000$

$(-5)^3 = (-5)\times(-5)\times(-5) = 25\times(-5) - 125$ (iv)

سوالنامہ : 8.1

1- مندرجہ ذیل کو قوت نمائی شکل میں لکھیے:

(i) $5\times5\times5\times5$ (ii) $c\times c\times c$ (iii) $2\times2\times3\times3\times3$

(iv) $6\times6\times b\times b$ (v) $a\times a\times b\times b\times b\times b\times b\times d$

2- مندرجہ ذیل کی قیمت معلوم کیجیے:

(i) 3^3 (ii) 6^4 (iii) 9^3 (iv) 5^4 (v) 4^4

3- مندرجہ ذیل اعداد میں سے ہر ایک کو قوت نمائی علامتوں میں لکھیے:

(i) 343 (ii) 512 (iii) 729 (iv) 3125

4- مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک میں کون بڑا ہے؟

(i) 4^3 یا 3^4 (ii) 2^5 یا 5^2 (iii) 2^8 یا 8^2 (iv) 100^2 یا 2^{100}

5- مندرجہ ذیل میں سے ہر ایک کو ان غیر منقسم اجزائے ضربی کی قوت نمائی کے حاصل ضرب کی شکل میں لکھیے:

(i) 1200 (ii) 720 (iii) 1080

(iv) 2250 (v) 3600

6- سہل کیجیے:

(i) 3×10^2 (ii) $7^2\times3^2$ (iii) $(-1)^5\times7^3$

(iv) 0×10^2 (v) $3^4\times2^3$ (vi) $3^2\times10^4$

7- سہل کیجیے:

(i) $(-3)^3$ (ii) $(-1)\times(-2)^3$ (iii) $(-4)^2\times(-3)^2$

(iv) $(-2)^3\times(-10)^4$ (v) $(-5)^2\times(-2)^4$

8- درج ذیل اعداد کا موازنہ کیجئے :

(i) $5\times10^{14};4\times10^{7}$ (ii) 2.6×10^{12} 1.6×10^{8}

(iii) $2.7\times10^{11};3.0\times10^{15}$ (iv) 1.008×10^{15} 2.009×10^{20}

9- مندرجہ ذیل کو قوت نمائی شکل میں لکھئے :

(i) $\frac{8}{729}$ (ii) $\frac{81}{343}$ (iii) $\frac{243}{1024}$

8.3- قوت نما کے اصول

8.3.1- ایک ہی قاعدہ والے قوت نما

آپ جانتے ہیں کہ $2\times2\times2\times2\times2 = 2^5$ ہوتا ہے۔ اس میں 2 کے مضروبوں کا الگ الگ مجموعہ بنا کر کئی طرح سے لکھ سکتے ہیں۔ جیسے :

$$2^5 = (2\times2\times2\times2) = 2^1\times2^4$$

$$2^5 = (2\times2)(2\times2\times2) = 2^2\times2^3$$

$$2^5 = (2\times2\times2)\times(2\times2) = 2^3\times2^2$$

$$2^5 = (2\times2\times2\times2)\times(\times2) = 2^4\times2^1$$

یہاں 2^5 کو 2 کے قاعدہ والی عبارتوں میں کئی طرح سے لکھا گیا ہے۔ آپ بھی نیچے دیئے گئے قوت نما عبارتوں کو یکساں بنیاد والے دو عبارتوں کے مضروبوں کی شکل میں لکھئے اور قوت نما کا حاصل جمع حاصل کیجئے :

نمبر شمار	قوت نما عبارت	طویل شکل میں لکھ کر دو مجموعوں میں بانٹنا (مجموعہ اپنی خواہش کے مطابق بنایئے)	ہر مجموعہ کو قوت نما عبارت کی شکل میں لکھئے	قوت نما کا حاصل جمع
-1	a^7	$\underline{a\times a\times a\times a}\times\underline{a\times a\times a}$	$a^4\times a^3$	4+3=7
-2	x^5			
-3	y^{10}			
-4	27^7			
-5	7^{12}			

اوپر قوت نما عبارتوں کی طویل ہوئی شکل کو دیکھئے اور نیچے دی ہوئی خالی جگہوں کو بھریئے :

$a^7 = a^5 \times \boxed{a^2}$ $\quad x^5 = x^3 \times \square$ $\quad y^{10} = y^7 \times \square$

$27^7 = 27^4 \times \square$ $\quad 7^{12} = 7^8 \times \square$

کیا دو یکساں قاعدہ والے اعداد کا ضرب کرنے پر ان اعداد کے قوت نما کا حاصل ضرب والے عدد کے قوت نما سے کوئی تعلق ہے؟

آیئے دیکھیں کہ یکساں قاعدہ والے قوت نمائی عبارتوں کا ضرب کیسے ہوتا ہے؟

$x^3 \times x^4 = \quad x \times x \times x \times x \times x \times x \times x \quad = x^7 \quad = x^{(3+4)}$

$x^5 \times x^3 = \quad x \times x \times x \times x \times x \times x \times x \times x = x^8 \quad = x^{(5+3)}$

$y^{19} \times y^{21} =$ $(y \times y \times \ldots$ 19 بار$) \times (y \times y \times \ldots$ 21 بار$)$

کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ اوپر y کا y کے ساتھ کتنی بار ضرب ہوگا؟ حاصل ضرب میں y بنیاد لیں اس کی قوت نما کیا ہوگی؟

y کا y کے ساتھ $19+21=40$ بار ضرب ہو رہا ہے۔

اس لیے حاصل ضرب y^{40} ہوگا۔

اس لیے ہم کہہ سکتے ہیں کہ جب دو یکساں بنیاد والے قوت نمائی اعداد کا ضرب ہوتا ہے تو حاصل ضرب میں بنیاد وہی رہتا ہے۔ اور قوت نما آپس میں جڑ جاتے ہیں۔

جیسے : $3^{99} \times 3^{13} = 3^{(99+13)} = 3^{112}$

کیا آپ $x^m \times x^n$ کا حاصل ضرب بتا سکتے ہیں؟

$x^m \times x^n = x \times x \ldots\ldots m$ بار اور n بار یعنی $(m+n)$ بار ضرب ہو رہا ہے۔

اس لیے $x^m \times x^n = x^{m+n}$ (اصول 1:)

خود کر کے دیکھئے :

(i)	$3^3 \times 3^4 = \quad 3^{\square}$	(ii)	$(-12)^2 \times (-12)^6 = \quad -12^{\square}$
(iii)	$b^2 \times b^3 = \quad b^{\square}$	(iv)	$c^{10} \times c^{20} = \quad c^{\square}$
(v)	$p^3 \times p^2 = \quad p^{\square}$	(vi)	$a^3 \times a^2 \times a^7 = \quad a^{\square}$

8.3.2- ایک ہی قاعدہ والے قوت نما اعداد کی تقسیم

فاطمہ نے سونو سے پوچھا، یکساں قاعدہ والے قوت نما اعداد کو ضرب کرنا تو ہم نے سیکھ لیا، یکساں قاعدہ والے قوت نما اعداد کی تقسیم کیسے کریں گے؟

سونو نے کہا، چلو کر کے دیکھتے ہیں:

$$\frac{2^7}{2^5} = \frac{\cancel{2}\times\cancel{2}\times\cancel{2}\times\cancel{2}\times\cancel{2}\times2\times2}{\cancel{2}\times\cancel{2}\times\cancel{2}\times\cancel{2}\times\cancel{2}} = 2\times2 = 2^2$$

رینا اور جمال نے بھی اسی طرح کے سوال حل کیے۔

(i) $$\frac{3^5}{3^2} = \frac{\cancel{3}\times\cancel{3}\times3\times3\times3}{\cancel{3}\times\cancel{3}} = 3\times3\times3 = 3^3$$

(ii) $$\frac{7^9}{7^6} = \frac{\cancel{7}\times\cancel{7}\times\cancel{7}\times\cancel{7}\times\cancel{7}\times\cancel{7}\times7\times7\times7}{\cancel{7}\times\cancel{7}\times\cancel{7}\times\cancel{7}\times\cancel{7}\times\cancel{7}} = 7\times7\times7 = 7^3$$

فاطمہ نے سبھی حلوں کو دیکھ کر ساتھیوں سے کہا کہ جس طرح دو یکساں قاعدہ والے قوت نما اعداد کا ضرب کرنے پر قوت نما جڑتے ہیں۔ اُسی طرح دو یکساں قاعدہ والے قوت نما اعداد میں تقسیمی عمل کرنے پر شمار کنندہ کے قوت نما میں سے نسب نما کا قوت نما گھٹا دیتے ہیں۔

جیسے:

$2^5 \div 2^7$ کے حاصل تقسیم کا قوت نما $2 = 5 - 7$ ہوتا ہے، $3^2 \div 3^5$ کے حاصل تقسیم کا قوت نما $3 = 2 - 5$ اور $7^6 \div 7^9$ کے حاصل تقسیم کا قوت نما $3 = 6 - 9$ ہے۔ یعنی

$a^m \div a^n$ کے حاصل تقسیم کا قوت نما $m - n$ ہوگا۔

یعنی $\frac{a^m}{a^n} = a^{m-n}$ (اصول 2:)

تبھی مونو نے کہا، یہ تو ٹھیک ہے لیکن اگر مقسوم اور مقسوم علیہ (تقسیم کرنے والا عدد) کے قوت نما اعداد یکساں ہو تو کیا ہوگا؟ چلو حل کر کے دیکھیں۔

جیسے:

$\frac{7^5}{7^5} = 7^{5-5} = 7^0$ لیکن $\frac{7^5}{7^5} = \frac{7\times7\times7\times7\times7}{7\times7\times7\times7\times7} = 1$ $\therefore = 7^0 = 1$

جیسے:

$\frac{p^n}{p^n}=1$ ہوگا لیکن فارمولے کے مطابق

$$\frac{p^n}{p^n}=p^{n-n}=p^0$$

$p^0=1$ (اصول:3)

اب ذرا ذیل کے اعداد پر غور کریں:

$\frac{1}{5^2}=\frac{5^0}{5^2}=5^{0-2}=5^{-2}$ ($5^0=1$ سے)

$\frac{1}{6^{35}}=\frac{6^0}{6^{35}}=6^{0-35}=6^{-35}$ ($6^0=1$ سے)

$\frac{1}{4^{90}}=\frac{4^0}{4^{90}}=4^{0-90}=4^{-90}$ ($4^0=1$ سے)

ان سوالوں کو دیکھتے ہوئے فاطمہ نے غور کیا کہ اگر قوت نما اعداد میں مقسوم علیہ میں مقسوم کی جگہ پر لے جائیں تو ان کی قوت نما کی علامت منفی ہو جاتا ہے۔ یعنی اگر ہمارے پاس

$\frac{1}{a^4}$ ہوتب $\frac{1}{a^4}=\frac{a^0}{a^4}=a^{0-4}=a^{-4}$

اگر $\frac{1}{a^m}$ ہوتب $\frac{1}{a^m}=\frac{a^0}{a^m}=a^{0-m}=a^{-m}$

اس لیے $\frac{1}{a^{-m}}=a^m$

لیکن اگر مقسوم کو مقسوم علیہ میں لے جائیں تو کیا ہوگا؟ جیسا ہم نے اوپر مثالوں میں دیکھا ہے۔

$\frac{1}{7^{-3}}=7^3$ یا $\frac{1}{a^{-4}}=a^4$ یا $\frac{1}{a^{-m}}=a^m$ اس کا مطلب یہ ہے کہ جب قوت نما میں مقسوم کو مقسوم علیہ میں لے جائیں گے تب بھی قوت نما کی علامت بدل جائے گی۔

خود کر کے دیکھیے:

(i)	$10^8 \div 10^3$	=	$10^{\square}$	(ii)	$9^8 \div 9^7$	=	$9^{\square}$
(iii)	$21^{15} \div 21^{13}$	=	$21^{\square}$	(iv)	$b^{10} \div b^8$	=	$b^{\square}$
(v)	$d^{100} \div d^{80}$	=	$d^{\square}$	(vi)			

8.3.3- ایک قوت نما عدد پر قوت نما لینا

ذیل کی مثالوں پر دھیان دیجئے:

(i) $(2^3)^2$ کو سہل کیجئے۔

حل: $(2^3)^2 = 2^3 \times 2^3$

$= 2^{3+3}$ (چونکہ $a^m \times a^n = a^{m+n}$ ہے)

$= 2^6$

$= 2^{3\times 2}$

(ii) $(3^4)^2$ کو سہل کیجئے۔

$(3^4)^2 = 3^4 \times 3^4$

$= 3^{4+4}$

$= 3^8$

$= 3^{4\times 2}$

(iii) $(3^m)^3 = \ = a^m \times a^m \times a^m$

$= a^{m+m+m}$

$= a^{3m}$

$= 3^{3\times m}$

مندرجہ بالا سے ہم وسیع صورت سے کہہ سکتے ہیں کہ کسی غیر صفر عدد صحیح 'a' کے لیے $(a^m)^n = a^{m\times n}$ ہوتا ہے جہاں m اور n مکمل اعداد ہیں۔

خود کر کے دیکھیے:

سہل کر کے جواب کو قوت نمائی شکل میں لکھیے:

(i) $(7^2)^3$ (ii) $(2^2)^{50}$ (iii) $(7^{50})^3$

(iv) $(a^3)^2$ (v) (4^3) (vi) $(d^4)^8$

8.3.4- یکساں قوت نما والی قوت نما اعداد کا ضرب

ذیل کی مثالوں کو دیکھیے:

(i) $2^4 \times 3^4$ کو سہل کیجئے۔

$$2^4 \times 3^4 = (2\times2\times2\times2)\times(3\times3\times3\times3)$$
$$= (2\times3)\times(2\times3)\times(2\times3)\times(2\times3)$$
$$= 6\times6\times6\times6$$
$$= 6^4$$

یہاں قاعدہ 6 قاعدہ 2 اور 3 کا حاصل ضرب ہے۔

(ii) $4^3 \times 3^3$ کو سہل کیجیے۔

$$4^3 \times 3^3 = (4\times4\times4)\times(3\times3\times3)$$
$$= (4\times3)\times(4\times3)\times(4\times3)$$
$$= 12\times12\times12$$
$$= 12^3$$
یہاں 12 قاعدہ 4 اور 3 کا حاصل ضرب ہے۔

(iii) $3^3 \times a^3$ کو سہل کیجیے۔

$$3^3 \times a^3 = (3\times3\times3)\times(a\times a\times a)$$
$$= (3\times a)\times(3\times a)\times(3\times a)$$
$$= (3a)^3$$

یہاں $(3\times a = (3a)^3)$

(iv) $(a^3 \times b^3)$ کو سہل کیجیے۔

$$a^3\times b^3 = (a\times a\times a)\times(b\times b\times b)$$
$$= (a\times b)\times(a\times b)\times(a\times b)$$
$$= (a\times b)^3$$
$$= (ab)^3$$
(یہاں $a\times b = ab$ ہے)۔

وسیع حالت میں کسی غیر صفر (Non-Zero) عدد صحیح کے لیے $a^m \times b^m = (ab)^m$ ہوتا ہے۔ جہاں m ایک عدد صحیح ہے۔

مثال: 6 ۔ ذیل کے ارکان کو قوت نمائی شکل میں لکھیے:

(i) $(5\times4)^3$ (ii) $(4a)^5$ (iii) $(-3n)^3$

حل:

(i) $(5\times4)^3 = (5\times4)\times(5\times4)\times(5\times4)$
$$= (5\times5\times5)\times(4\times4\times4)$$
$$= 5^3\times4^3$$

(ii) $(4a)^5 = 4a\times4a\times4a\times4a\times4a$
$$= (4\times4\times4\times4\times4)\times(a\times a\times a\times a\times a) \qquad = 4^5\times4^5$$

(iii) $(-3n)^3 = (-3\times n)^3$

$= (-3\times n)(-3\times n)(-3\times n)$

$= (-3\times -3\times -3)\times(n\times n\times n)$

$= -3^3\times n^3$

خود کر کے دیکھیے:

$a^m\times b^m = (ab)^m$ کا استعمال کر کے شکل بدلیے۔

(i)	$5^3\times 2^3$	(ii)	$3^2\times b^2$	(iii)	$a^2\times c^2$
(iv)	$4^6\times(-2)^6$	(v)	$(-2^4)\times(-3)^4$	(vi)	$(ab)^3$
(vii)	$(-2p)^3$	(viii)	$(2c)^4$	(ix)	$(2\times 3)^5$

8.3.5- قابل پیمائش اعداد کے قوت نما

قابل پیمائش اعداد کے کچھ قوت نما پر غور کیجیے:

$$\left(\frac{5}{7}\right)^4 = \frac{5}{7}\times\frac{5}{7}\times\frac{5}{7}\times\frac{5}{7}$$

$$= \frac{5}{7}\times\frac{5}{7}\times\frac{5}{7}\times\frac{5}{7} = \frac{5^4}{7^7}$$

$$\left(-\frac{3}{11}\right)^5 = (-1)^5\times\left(\frac{3}{11}\right)^5$$

$$= -1\times\frac{3}{11}\times\frac{3}{11}\times\frac{3}{11}\times\frac{3}{11}\times\frac{3}{11} = -1\times\frac{3\times3\times3\times3\times3}{11\times11\times11\times11\times11}$$

$$= -1\times\frac{3^5}{11^5} \qquad = -\frac{3^5}{11^5}$$

8.3.6- یکساں قوت نما والے قوت نما اعداد کی تقسیم

ذیل کی مثالوں پر غور کیجیے:

(i) $\frac{3^4}{5^4} = \frac{3\times3\times3\times3}{5\times5\times5\times5} = \frac{3}{5}\times\frac{3}{5}\times\frac{3}{5}\times\frac{3}{5} = \left(\frac{3}{5}\right)^4$

(ii) $\frac{a^5}{b^5} = \frac{a\times a\times a\times a\times a}{b\times b\times b\times b\times b} = \frac{a}{b}\times\frac{a}{b}\times\frac{a}{b}\times\frac{a}{b}\times\frac{a}{b} = \left(\frac{a}{b}\right)^5$

وسیع شکل میں $a^m \div b^m = \frac{a^m}{b^m} = \left(\frac{a}{b}\right)^m$ جہاں a اور b کوئی دو غیر صفر (Non-Zero) عدد صحیح ہیں۔

اور m اور n ایک مکمل عدد ہے۔

مثال: 7 درج ذیل کو وسیع شکل میں لکھیے :

(i) $\left(\frac{2}{3}\right)^3$ (ii) $\left(\frac{-2}{5}\right)^4$ (iii) $\left(\frac{p}{q}\right)^5$

حل:

(i) $\left(\frac{2}{3}\right)^3 = \frac{2^3}{3^3} = \frac{2\times2\times2}{3\times3\times3}$

(ii) $\left(\frac{-2}{5}\right)^4 = \frac{(-2)^4}{5^4} = \frac{(-2)\times(-2)\times(-2)\times(-2)}{5\times5\times5\times5}$

(iii) $\left(\frac{p}{q}\right)^5 = \frac{p^5}{q^5} = \frac{p\times p\times p\times p\times p}{q\times q\times q\times q\times q}$

8.4- مثال......

مثال: 8 $3\times(5^2)$ اور $(5^2)^3$ میں بڑا کون ہے؟

حل: (5^2 کو 3 سے ضرب) $(5^2)\times3 = 5\times5\times3$

$=75$

(5^2 کو خود سے 3 بار ضرب) $(5^2)^3 = 5^2\times5^2\times5^2$

$=15625$

اس لیے $(5^2)^3 > (5^2)\times3$

مثال: 9 $9\times9\times9$ کے لیے قاعدہ 3 لیتے ہوئے اسے قوت نمائی شکل میں لکھیے :

سوال سے :

$9\times9\times9=9^3$ $\quad = 3^{2\times3}\left(\because (a^m)^n = a^{mn}\right)$

$=\left(3^2\right)^3$ (کیوں کہ $9=3\times3=3^2$) $\quad =3^6$

مثال : 10- حل کیجئے اور جواب کو قوت نمائی شکل میں لکھئے :

(i) $\left(\dfrac{3^7}{3^2}\right)\times3^4$ (ii) $2^3\times2^2\times5^5$ (iii) $\left\{\left(2^3\right)^2\times5^6\right\}\times3^6$

(iv) $8^2\div2^3$ (v) $\left(3^2\times3^4\right)\div3^3$

حل :

(i) $\left(\dfrac{3^7}{3^2}\right)\times3^4=\left(3^{7-2}\right)\times3^4\left(\because\dfrac{a^m}{a^n}=a^{m-n}\right)$

$=3^5\times3^4$

$=3^{5+4}\left(\because a^m\times a^n=a^{m+n}\right)$

$=3^9$

(ii) $2^3\times2^2\times5^5=\left(2^3\times2^2\right)\times5^5$

$=2^5\times5^5\left(\because a^m\times a^m=a^{m+n}\right)$

$=(2\times5)^5\left(\therefore a^m\times b^m=(ab)^m\right)$

$=10^5$

(iii) $\left\{\left(2^3\right)^2\times5^6\right\}\times3^6$

$=\left(2^6\times5^6\right)\times3^6\left(\because\left(a^m\right)^n=a^{mn}\right)$

$\left\{(10)^6\times3^6\right\}\quad\left(\because a^m\times b^m=(ab)^m\right)$

$=\left(10^3\times3\right)^6$

$=(30)^6$

(iv) $8^2 \div 2^3$

$8 = 2\times2\times2 = 2^3$

$\therefore 8^2 = \left(2^3\right)^2$

$\therefore 8^2 \div 2^3 = \left(2^3\right)^2 \div 2^3$

$= 2^6 \div 2^3$

$= 2^{6-3} = 2^3$

(v) $= \left(3^2\times3^4\right)\div3^3$

$= \left(3^{2+4}\right)\div3^3 \quad \left(a^m\times a^n = a^{m+n}\right)$

$= 3^6\div3^3 \quad \left(a^m\div a^n = a^{m-n}\right)$

$= 3^{6-3} = 3^3$

مثال:11- سہل کیجیے:

(i) $\dfrac{2^3\times3^4\times4}{3\times32}$ (ii) $\dfrac{2\times3^4\times2^5}{9\times4^2}$ (iii) $\dfrac{12^4\times9^3\times4}{6^3\times8^2\times27}$

(iv) $2^3\times a^3\times5a^4$ (v) $\dfrac{4^5\times a^8b^3}{4^5\times a^5b^2}$ (vi) $\dfrac{2^8\times a^5}{4^3\times a^3}$

حل:

(i) $\dfrac{2^3\times3^4\times4}{3\times32} = \dfrac{2^3\times3^4\times2^2}{3\times2^5} \quad \left(\because 4=2^2, 32=2^5\right)$

$= \dfrac{2^{3+2}\times3^4}{3\times2^5} = \dfrac{2^5\times3^4}{3\times2^5}$

$= 2^{5-5}\times3^{4-1} = 2^0\times3^3$

$= 1\times27 = 27$

(ii) $= \dfrac{2\times3^4\times2^5}{9\times4^2} = \dfrac{2\times3^4\times2^5}{3^2\times\left(2^2\right)^2} = \dfrac{2\times2^5\times3^4}{3^2\times2^{2\times2}}$

$= \dfrac{2^{1+5}\times3^4}{2^4\times3^2} = \dfrac{2^6\times3^4}{2^4\times3^2}$

$= 2^{6-4}\times3^{4-2} = 2^2\times3^2 = 4\times9 = 36$

(iii) $= \dfrac{12^4 \times 9^3 \times 4}{6^3 \times 8^2 \times 27} = \dfrac{(2^2 \times 3)^4 \times (3^2)^3 \times 2^2}{(2 \times 3)^3 \times (2^3)^2 \times 3^3} = \dfrac{(2^2)^4 \times 3^4 \times 3^{2\times3} \times 2^2}{2^3 \times 3^3 \times 2^{3\times2} \times 3^3}$

$= \dfrac{2^8 \times 2^2 \times 3^4 \times 3^6}{2^3 \times 2^6 \times 3^3 \times 3^3} = \dfrac{2^{8+2} \times 3^{4+6}}{2^{3+6} \times 3^{3+3}} = \dfrac{2^{10} \times 3^{10}}{2^9 \times 3^6}$

$= 2^{10-9} \times 3^{10-6} \quad = 2^1 \times 3^4 \quad = 2 \times 81 \quad = 162$

(iv) $2^3 \times a^3 \times 5a^4$

$= 2^3 \times a^3 \times 5 \times a^4$

$= 2^3 \times 5 \times a^3 \times a^4$

$= 8 \times 5 \times a^{3+4}$

$= 40a^7$

(v) $= \dfrac{4^5 \times a^8 b^3}{4^5 \times a^5 b^2}$

$= 4^{5-5} \times a^{8-5} \times b^{3-2}$

$= 4^0 \times a^3 \times b^1$

$= 1a^3 b$

$= a^3 b$

(vi) $= \dfrac{2^8 \times a^5}{4^3 \times a^3} \quad = \dfrac{2^8 \times a^5}{(2^2)^3 \times a^3} \quad = \dfrac{2^8 \times a^5}{2^6 \times a^3}$

$= 2^{8-6} \times a^{5-3} \quad = 2^2 a^2 \quad = 4a^2$

سوالنامہ : 8.2

-1 سہل کیجئے اور واب کو قوت نمائی شکل میں لکھئے :

(i) $7^2 \times 7^4 \times 7^8$ (ii) $3^{10} \div 3^6$ (iii) $d^2 \times d^3$

(iv) $5^x \times 5^2$ (v) $(5^3)^2 \div 5^3$ (vi) $3^5 \times 5^5$

